58

مارٹینیز نے معافی مانگی

سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



الکاراز نے وائلڈ کارڈ قبول کیا

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 286 | صفحات : 08 | ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۶ء بروز سنیچر بمطابق ۵ جمادی الاول ۱۴۴۸ | Saturday 17th October 2026 | جلد نمبر 58

امتحانات سے قبل شکایات کے ازالے کیلئے
سکول ایجوکیشن کی طرف سے سیل قائم

سرینگر/ جموں و کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے آئندہ سالانہ امتحانات کے دوران متعلقہ فریقین کی امتحانات سے متعلق شکایات، مسائل اور استفسارات کو حل کرنے کے لئے ایک شکایات کے ازالے اور نگرانی سیل قائم کیا ہے۔ یہ سیل اس لئے قائم کیا گیا ہے تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ کیا جا سکے اور امتحانات کے دوران پیش آنے والے مسائل کو کم کیا جا سکے۔ یہ سیل شکایات کو درج کرے گا تاکہ ان کا بروقت تصفیہ ہو سکے اور فوری اصلاحی اقدامات/2



قومی سلامتی کیلئے نیشنل سیکورٹی گارڈس کا عزم قابل تعریف/LG
یوم تاسیس کے موقع پر نیشنل سیکورٹی گارڈ (این ایس جی) کے اہلکاروں کو مبارکباد پیش



سرینگر/ جے کے این ایس/ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جمعہ کو نیشنل سیکورٹی گارڈس (این ایس جی) کے یوم تاسیس کے موقع پر نیشنل سیکورٹی گارڈ (این ایس جی) کے اہلکاروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے قومی سلامتی کے تئیں ان کے عزم کی تعریف کی۔ سماجی رابطہ گاہ ایکس پر ایک پوسٹ میں لیفٹیننٹ گورنر کے دفتر نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے حوالے سے لکھا کہ نیشنل سیکورٹی گارڈس (این ایس جی) قومی سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کے ساتھ ایک مضبوط قوت کے طور پر کھڑا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہمیں اپنے بہادر سپاہیوں کی بہادری، لگن، قربانیوں اور بے لوث خدمات پر فخر ہے۔ تمام اراکین اور اہل خانہ کے لیے نیک خواہشات۔ قابل ذکر ہے کہ نیشنل سیکیورٹی گارڈ (NSG) نے 16 اکتوبر 2026 کو اپنا 42 واں یوم تاسیس منایا۔ یہ دن ہر سال 16 اکتوبر (جو 1984 میں اس فورس کے قیام کی یاد دلاتا ہے)۔ فورس کا عرفی نام: بلیک کیٹس (اپنی مخصوص سیاہ وردیوں کی وجہ سے) اور/1

ٹریفک جام اور ٹریفک حادثات کے خلاف ایکشن پلان
چیف سیکریٹری کی صدارت میں ہوئی میٹنگ میں عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا

سرینگر/ چیف سیکریٹری اٹل ڈولو نے ٹریفک مینجمنٹ سے متعلق ملٹی ڈسپلنری کمیٹی (ایم ڈی سی) میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں جموں اور سری نگر کے دونوں شہروں میں ٹریفک کی بھیڑ کم کرنے، شہری آواجاہی کو بہتر بنانے اور سڑک کی حفاظت کو مضبوط بنانے کے مقصد سے ایک جامع ایکشن پلان پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں سپریم کورٹ کمیٹی برائے روڈ سیفٹی (ایس سی سی او آر ایس) کی سفارشات پر ایکشن ٹیکن رپورٹ کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ ٹریفک ریگولیشن، پارکنگ مینجمنٹ، پبلک ٹرانسپورٹ، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے، نفاذ قانون اور سڑک حادثات کے متاثرین کی مدد سے متعلق مختلف بین ڈپارٹمنٹل اقدامات کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ، ایڈیشنل چیف سیکریٹری پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ، کمشنر سیکریٹری مکانات و شہری ترقی محکمہ، صوبائی کمشنران کشمیر/جموں، کمشنر سیکریٹری ٹرانسپورٹ، سیکریٹری ٹورازم، انسپکٹر جنرل آف پولیس ٹریفک، ڈپٹی انسپکٹر جنرل ٹریفک جموں/کشمیر، کمشنر جموں/سری نگر میونسپل کارپوریشنز، وائس چیئرمین ایس ڈی اے، جے ڈی اے، ڈائریکٹر اربن لوکل باڈیز جموں/کشمیر، وائس چیئرمین لیکس کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی کے علاوہ متعلقہ محکموں کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ چیف سیکریٹری نے مربوط اور نتائج پر مبنی کوششوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ میونسپل کارپوریشنوں کو ہدایت دی کہ وہ دونوں شہروں میں مختلف مقامات پر ٹریفک سائن بورڈوں کی تنصیب اور مناسبیت کا جائزہ لینے کے لئے باقاعدگی/3

پُراسرار گمشدگی کے ایک دن بعد SPO کی لاش برآمد
رائفل لاش کے پاس پڑی ہوئی ملی، کشتواڑ میں واقعہ

سرینگر/ جے کے این ایس/ جموں و کشمیر کے ضلع کشتواڑ میں اسپیشل پولیس آفیسر (ایس پی او) بشیر احمد کی لاش جمعہ کی صبح برآمد ہوئی۔ وہ جمعرات کی دوپہر سے لاپتہ تھا اور اس کی سروس رائفل لاش کے قریب ہی پڑی ہوئی ملی۔ واقعے کی اطلاع ملنے کے بعد فارنسک سائنس لیبارٹری (ایف ایس ایل) کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور موت کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لئے ضروری شواہد جمع کرنے کا عمل شروع کیا گیا ہے۔ خبر رساں ایجنسی جے کے این ایس کے مطابق جمعرات کو کشتواڑ ضلع میں ایک اسپیشل پولیس آفیسر (ایس پی او) اپنے سروس ہتھیار کے ساتھ پراسرار حالات میں لاپتہ ہو گیا۔ لاپتہ ایس پی او، جس کی شناخت بشیر احمد کے نام سے ہوئی ہے، کشتواڑ ضلع پولیس ہیڈکوارٹر سے منسلک دور پولیس چیک پوسٹ پر تعینات تھا/4

صفا کدل میں تعینات وارڈ آفیسر رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھ گرفتار
مکان کی آرائش کیلئے اجازت کے عوض 10 ہزار روپے رشوت مانگنے کا الزام

سرینگر/ جے کے این ایس/ سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (CBI) نے سری نگر میونسپل کارپوریشن (SMC) کے صفا کدل، سری نگر میں تعینات ایک وارڈ آفیسر کو رشوت ستانی کے ایک مقدمے میں گرفتار کیا۔ خبر رساں ایجنسی جے کے این ایس کو جاری ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ سی بی آئی نے ایک شکایت کی بنیاد پر 15 اکتوبر 2026 کو مذکورہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا۔ الزام ہے کہ وارڈ آفیسر نے شکایت کنندہ کے رہائشی مکان پر معمولی مرمت اور تزئین و آرائش کے کام کو جاری رکھنے کی اجازت دینے کے عوض 10,000 روپے رشوت کا مطالبہ کیا تھا۔ سی بی آئی نے 15 اکتوبر 2026 کو ایک جال بچھایا/5

نصف کروڑ روپے مالیت کا مکان قرق
اننت ناگ پولیس کارروائی

سرینگر/ یو این ایس/ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اننت ناگ پولیس نے بجبہاڑہ کے گدنگل پورہ علاقے میں ایک بدنام منشیات فروش کی تقریباً 50 لاکھ روپے مالیت کا دو منزلہ رہائشی مکان قرق کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق یہ کارروائی این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ F-68 کے تحت عمل میں لائی گئی۔ پولیس کی جانب سے جاری بیان/6

ادھم پور میں اینٹی کرپشن بیورو کے
پانچ مقامات پر چھاپے

سرینگر/ یو این ایس/ جموں و کشمیر کے ضلع ادھم پور میں اینٹی کرپشن بیورو (اے سی بی) کی ٹیموں نے پانچ مقامات پر چھاپے مارے ہیں۔ ذرائع کے مطابق جمعہ کو مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی جاری تھی۔ رپورٹ کے مطابق، چھاپوں کے دوران کن مقامات کی تلاشی لی جا رہی ہے اور اس کارروائی/7

پٹرول کی برآمد پر
محصول میں اضافہ جبکہ ڈیزل پر کمی

نئی دہلی/ یو این آئی/ حکومت نے پٹرول کی برآمد پر ونڈ فال ٹیکس 2 روپے فی لیٹر بڑھا دیا ہے، جبکہ ڈیزل پر محصول میں 7.50 روپے فی لیٹر کی کمی کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں جاری بالواسطہ ٹیکس اور کسٹم کے مرکزی بورڈ (سی بی آئی سی) کے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ برآمد کیے جانے والے پٹرول پر آج سے 2.50 روپے فی لیٹر ایکسائز ڈیوٹی عائد ہوگی، جو پوری طرح خصوصی اضافی ایکسائز ڈیوٹی (ایس اے ای ڈی) کی شکل میں ہوگی۔ پہلے یہ 50 پیسے فی لیٹر تھی/11

ہندوستان امریکہ تجارتی معاہدہ جلد مکمل ہونے کی امید/ نرملا سیتارمن
کہا چینی بازار تک رسائی حاصل کرنے میں مسلسل مشکلات کا سامنا ہے

نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے جمعہ کو امید ظاہر کی کہ ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدہ جلد مکمل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے کا جلد حتمی شکل اختیار کرنا دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات اور عالمی تجارت کے مفاد میں ہوگا۔ تھائی لینڈ کے بینکاک میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے محترمہ سیتارمن نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات جاری ہیں اور انہیں امید ہے کہ معاہدہ جلد از جلد طے پا جائے گا۔ انہوں نے کہا، ''عالمی تجارت اور ہندوستان و امریکہ کے درمیان تجارت کے مفاد میں میری امید ہے کہ تجارتی معاہدہ جلد از جلد مکمل ہوگا۔'' اس سے قبل وزیر تجارت و صنعت پیوش گوئل نے کہا تھا کہ/10

الیکشن کمیشن کا 17 ریاستوں اور UTs میں SIR کا اعلان
جموں و کشمیر، لداخ اور ہماچل پردیش کیلئے شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا

سرینگر/ جے کے این ایس/ چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفے کے مطالبے کو لیکر جاری احتجاجوں کے بیچ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ایس آئی آر کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ اس مہم کا مقصد تمام اہل شہریوں بالخصوص نوجوانوں اور پہلی بار ووٹ کا حق حاصل کرنے والوں کا اندراج یقینی بنانا ہے۔ ان ریاستوں میں اتر پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب اور منی پور بھی شامل ہیں جہاں انتخابات ہونے والے ہیں۔ یہاں نظرثانی کے لئے یکم جنوری 2027 کو اہلیت کی بنیادی تاریخ مقرر کیا گیا ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق الیکشن کمیشن آف انڈیا نے ان 17 ریاستوں اور یونین ٹریٹریوں کے چیف الیکٹورل آفیسرز تفصیلی ہدایات جاری کی ہیں، جن میں آئندہ برس اسمبلی انتخابات والی ریاستیں جیسے اتر پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب اور منی پور شامل ہیں۔ دیگر ریاستوں اور علاقوں میں بہار، مغربی بنگال، راجستھان، تمل ناڈو، کیرالہ، مدھیہ پردیش، گجرات، آسام، گوا، چھتیس گڑھ، پڈوچیری/9

امریکی رکن پارلیمان کا SIR پر تبصرہ
"ہندوستان کے انتخابی عمل میں مداخلت"
وزارتِ خارجہ ترجمان

نئی دہلی/ یو این آئی/ ہندوستان نے امریکی رکن پارلیمان پرمیلا جے پال کی جانب سے ہندوستانی الیکشن کمیشن کے ملک میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی (ایس آئی آر) سے متعلق کیے گئے تبصرے کو غیر مناسب قرار دیتے ہوئے اسے ملک کے/8

ایئر انڈیا نے سعودی عرب میں جنگ کی صورتحال کے پیش نظر
سعودی عرب کے لیے 20 اکتوبر تک کی پروازیں منسوخ کیں

نئی دہلی/ یو این آئی/ ٹاٹا گروپ کی ایئر لائن کمپنی ایئر انڈیا نے سعودی عرب میں جنگ کی صورتحال کے پیش نظر وہاں کے لیے 20 اکتوبر تک کی اپنی تمام پروازیں منسوخ کر دی ہیں۔ ایئر انڈیا کی مکمل ملکیت والی ذیلی کمپنی ایئر انڈیا ایکسپریس نے بھی جمعہ کے روز 20 اکتوبر تک کے لیے سعودی عرب سے آنے اور جانے والی اپنی تمام پروازوں کو منسوخ کرنے کا اعلان کیا۔ اس سے قبل انڈیگو اور اکاسا ایئر نے جمعرات کی رات سعودی عرب کی پروازوں کی منسوخی کی مدت میں توسیع کا اعلان کیا تھا۔ سعودی عرب پر حوثیوں کے مسلسل حملوں اور ان میں ہوائی اڈوں کو پہنچنے والے نقصان کے بعد چاروں ہندوستانی ایئر لائن کمپنیوں نے وہاں کے لیے اپنی پروازیں منسوخ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ایئر انڈیا کی جانب سے آج جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ریاض، دمام اور جدہ کے لیے 20 اکتوبر تک کی اس کی تمام پروازیں منسوخ رہیں گی، جن میں دونوں طرف کی پروازیں شامل ہیں۔ ایئر لائن نے کہا ہے کہ ان پروازوں کی دوبارہ بحالی کے لیے فی الحال حالات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

پرائیویٹ ایئر لائنز کی جانب ٹکٹوں کے کرایوں میں اچانک اور غیر متوقع اضافے کے معاملات
کرایوں سے متعلق حتمی قواعد 16 نومبر تک سپریم کورٹ کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت

سرینگر/ ٹی ای این/ سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ نجی ایئر لائنز کی جانب سے مبینہ طور پر من مانے اور غیر معمولی فضائی کرایوں سے متعلق حتمی قواعد 16 نومبر تک عدالت کے سامنے پیش کیے جائیں۔ عدالت میں سماعت کے دوران سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے بتایا کہ فضائی کرایوں کو منظم کرنے سے متعلق نئے قواعد کو انتظامی منظوری مل چکی ہے اور انہیں آئندہ دو ہفتوں کے اندر شائع کر دیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے معاملے کی اگلی سماعت 16 نومبر کو مقرر کرتے ہوئے حکومت سے کہا کہ اس تاریخ تک حتمی قواعد عدالت کے سامنے رکھے جائیں۔ یہ معاملہ ایک مفاد عامہ کی عرضی کی سماعت کے دوران سامنے آیا، جس میں نجی ایئر لائنز کی جانب سے ٹکٹوں کے کرایوں میں اچانک اور غیر متوقع اضافے اور مختلف اوقات میں کرایوں کے درمیان بڑے فرق پر تشویش ظاہر کی گئی ہے۔ عرضی میں فضائی کرایوں کے تعین کے لیے واضح قواعد وضع کرنے اور ان پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ایک مؤثر ریگولیٹری نظام قائم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اس سے قبل اگست میں ہونے والی سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے کہا تھا کہ جو ایئر لائنز مقررہ قواعد پر عمل نہیں کرتیں، ان کے خلاف سخت کارروائی کی جا سکتی ہے، حتیٰ کہ انہیں پروازیں چلانے سے روکنے کا معاملہ بھی زیر غور آ سکتا ہے۔ شہری ہوابازی کی وزارت نے عدالت کو بتایا تھا کہ حتمی قواعد بننے تک ایئر لائنز کو کرایوں سے متعلق دفتری ہدایات جاری کی جا رہی تھیں، تاہم بعض ایئر لائنز ان ہدایات پر عمل نہیں کر رہی تھیں۔ عدالت حکومت کی جانب سے جلد بدلافے میں پیش کیے گئے فضائی کرایوں کو منظم کرنے/15

وادی میں 17 سے 31 اکتوبر تک
دو ٹرینوں کی منسوخی کا اعلان

سرینگر/ یو این ایس/ شمالی ریلوے نے موسم سرما سے قبل ریلوے پٹریوں کی ضروری مرمت اور درجہ حرارت میں تبدیلی کے اثرات کو دور کرنے کے کام کے پیش نظر کشمیر میں دو ٹرین خدمات کو 17 اکتوبر سے 31 اکتوبر تک 15 روز کے لیے منسوخ کر دیا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق یہ کام موسم سرما کے دوران ٹرینوں کی محفوظ آمد و رفت کو یقینی بنانے اور وادی میں ریلوے بنیادی ڈھانچے کو سرد موسم کے لیے تیار کرنے کے مقصد سے انجام دیا جا رہا ہے۔ منسوخ کی گئی ٹرینوں میں ٹرین نمبر 74615 شامل ہے، جو بانہال سے بارہمولہ تک چلتی ہے، جبکہ ٹرین نمبر 74620 بارہمولہ سے بانہال کے درمیان خدمات انجام دیتی ہے۔

طارق حمید قرہ کا LG کے نام خط
ریکارڈنگ کی جانچ کی درخواست



سرینگر/ جموں و کشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ممبر اسمبلی طارق حمید قرہ نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کو خط لکھا ہے، جس میں 14 اکتوبر کو مشن YUVA کی جائزہ میٹنگ کے دوران خاتون جے کے اے ایس افسر بینش وانی سے متعلق ایک واقعہ سے متعلق الزامات میں ان کی ذاتی مداخلت کی درخواست کی ہے۔ خبر رساں/12

خاتون آفیسر سے "بدسلوکی" پر وزیر اعلیٰ کا چیف سیکریٹری کو مکتوب
انتظامیہ میں جواب دہی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور

سرینگر/ یو این ایس/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے چیف سیکریٹری کو خط لکھ کر ہدایت دی ہے کہ ایک خاتون جموں و کشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس (جے کے اے ایس) افسر کو مبینہ طور پر زبانی بدسلوکی کا نشانہ بنائے جانے کے معاملے میں کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی سے محفوظ رکھا جائے۔ الزام ہے کہ ایک سینئر آئی اے ایس افسر نے سرکاری ورچوئل میٹنگ کے دوران خاتون افسر کے ساتھ بدسلوکی کی۔ نیشنل کانفرنس کے چیف ترجمان تنویر صادق نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ کے ذریعے اس پیش رفت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے معاملے کا سنجیدہ نوٹس لیا ہے اور انتظامیہ میں جواب دہی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ تنویر صادق کے مطابق عمر عبداللہ نے چیف سیکریٹری کو خط لکھ کر اس بات کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے کہ متعلقہ جے کے اے ایس افسر کے خلاف کوئی انتقامی کارروائی نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ/13

مبینہ بدسلوکی کے معاملے کا وائرل ویڈیو
قومی کمیشن برائے خاتون کا سخت نوٹس

سرینگر/ جے کے این ایس/ قومی کمیشن برائے خواتین (NCW) نے سینئر آئی اے ایس افسر کی خاتون جے کے اے ایس افسر کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کے معاملے کی نسبت وائرل ویڈیو کا از خود نوٹس لیا ہے، جس میں مبینہ طور پر سینئر آئی اے ایس افسر کمار راجیو رنجن کو ایک سرکاری جائزہ اجلاس کے دوران جونیئر خاتون افسر کے ساتھ بدزبانی کرتے، انہیں بے عزت کرتے اور دھمکیاں دیتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ خبر رساں ایجنسی کشمیر جے کے این ایس کے مطابق قومی کمیشن برائے خواتین کی چیئرپرسن وجے کشور رہاٹکر نے/14

IAS افسر کمار راجیو رنجن کے مبینہ نامناسب رویے کی تحقیقات کا حکم
مندیپ کور تحقیقاتی آفیسر مقرر، 15 دن میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

سرینگر/ یو این ایس/ جموں و کشمیر حکومت نے آئی اے ایس افسر کمار راجیو رنجن کے خلاف جے کے اے ایس افسر بینش وانی کے ساتھ مبینہ نامناسب رویے کے الزامات کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ حکومت نے انکوائری افسر کو 15 دن کے اندر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 16 اکتوبر کو جاری کردہ حکم نامہ نمبر (GAD)JK-1654 برائے 2026 کے مطابق، آئی اے ایس افسر مندیپ کور (اے جی ایم یو ٹی: 2004)، کمشنر سیکریٹری برائے محکمہ ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ کو انکوائری افسر مقرر کیا گیا ہے۔ تحقیقات میں محکمہ محنت و روزگار کے انتظامی سیکریٹری کمار راجیو رنجن اور گاندربل میں تعینات اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایمپلائمنٹ بینش وانی کے درمیان پیش آئے مبینہ واقعے کا جائزہ لیا جائے گا۔ یہ معاملہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں رپورٹ ہونے کے بعد حکومت کے نوٹس میں آیا۔ حکومت نے جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے ایڈیشنل سیکریٹری امیت ورمانی، جے کے اے ایس، کو اس معاملے میں پیش کنندہ افسر مقرر کیا ہے۔

جاوید رانا نے جل شکتی اور آبپاشی وفلڈ کنٹرول کے کاموں کو تیز کرنے کی ہدایت دی

پانی کی فراہمی کی اسکیموں کی جلد تکمیل اور سیلاب سے تحفظ کے کاموں کی بروقت تکمیل پر زور

جموں،16 اکتوبر// وزیر برائے جل شکتی ، جنگلات ، ماحولیات اور قبائلی امور مسٹر جاوید احمد رانا نے آج سول سیکرٹریٹ جموں میں ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں جموں ڈویژن میں جل شکتی ڈیپارٹمنٹ اور آبپاشی وفلڈ کنٹرول (آئی اینڈ ایف سی) ڈیپارٹمنٹ کے زیر عمل مختلف اسکیموں اور ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے وزیر کو جاری اسکیموں کی پیش رفت ، اب تک حاصل ہونے والی کامیابیوں ، عملدرآمد سے متعلق رکاوٹوں اور مختلف کاموں کیلئے منظور شدہ اور مختص فنڈز کے مقابلے میں اخراجات کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر نے افسران کو ہدایت دی کہ زمینی سطح پر کاموں کی تکمیل میں تیزی لائی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تکمیل کے قریب تمام منصوبے مقررہ وقت کے اندر خاص طور پر سردیوں کے آغاز سے پہلے مکمل کر لیے جائیں۔ جل شکتی ڈیپارٹمنٹ کے کام کاج اور پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے مسٹر رانا نے افسران کو ہدایت دی کہ مکمل پینے کے پانی کی سپلائی اسکیموں کو اولین ترجیح دی جائے اور انہیں جلد از جلد شروع کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔ وزیر موصوف نے آبپاشی وفلڈ کنٹرول محکمہ کے تحت جاری کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت دی کہ نہروں۔۔۔/ 101

عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر سرکلر اکانومی پالیسی 2026 کو

ماحول دوست ترقی کی جانب اہم قدم قرار دیا



ڈیلی سرخی: پالیسی کے تحت 10 سالہ منصوبہ بندی کے لیے 7.548,3 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز، شہری علاقوں میں 90 فیصد سے زائد مواد کی بازیابی کا ہدف سرینگر، 16 اکتوبر: وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر سرکلر اکانومی پالیسی 2026 کو وسائل کی بازیابی، ماحول دوست ترقی اور ماحولیاتی پائیداری کی جانب ایک فیصلہ کن قدم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پالیسی کم فضلہ پیدا کرنے اور وسائل کے موثر استعمال پر مبنی ترقیاتی ماڈل کی طرف پیش رفت کی عکاسی کرتی ہے، جو جموں و کشمیر کے مختلف جغرافیائی حالات اور آبادی کے طرز رہائش کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کی گئی ہے۔ اس پالیسی میں کچرے کے انتظام، ری سائیکلنگ، وسائل کی بازیابی اور گندے پانی کے دوبارہ استعمال کے لیے تین سطحی نظام تجویز کیا گیا ہے، جس میں سرکلر، سرکلر پلس اور سرکلر پلس پلس شامل ہیں۔ اس نظام کا مقصد مقامی اداروں کی صلاحیتوں اور ضروریات کے مطابق فضلہ انتظام کے طریقۂ کار کو بہتر بنانا ہے۔ اس کے تحت چھوٹے اور دور دراز علاقوں میں مقامی سطح پر کچرے کی پروسیسنگ، درمیانی راہداریوں میں مربوط نقل و حمل اور بڑے شہری مراکز، بشمول جموں اور سرینگر، میں جدید سرکلر اکانومی نظام قائم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ جموں و کشمیر میں مختلف اقسام کے فضلے کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی میں میونسپل ٹھوس کچرے، خوراک اور گیلے فضلے، سیاحت سے پیدا ہونے والے کچرے، باغبانی اور زرعی حیاتیاتی مادے، پیکنگ کے فضلے، تعمیراتی و انہدامی ملبے، الیکٹرانک کچرے اور گندے۔۔۔/ 102

ڈائریکٹر زراعت کشمیر نے زرعی مصنوعات کے فروخت مرکز کا افتتاح کیا

سری نگر، 16 اکتوبر//// ڈائریکٹر زراعت کشمیر سرتاج احمد شاہ نے آج لال منڈی سری نگر میں محکمہ زراعت کے ڈائریکٹوریٹ میں زرعی مصنوعات کے فروخت مرکز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر جوائنٹ ڈائریکٹر زراعت (ایکسٹینشن)، جوائنٹ ڈائریکٹر زراعت (ان پٹس) اور محکمے کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ زرعی مصنوعات کے فروخت مرکز کا قیام زرعی پیداوار کو فروغ دینے اور منظم پلیٹ فارم کے ذریعے اس کی مارکیٹنگ کو مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس مرکز کا مقصد صارفین کے لیے زرعی مصنوعات کی دستیابی آسان بنانے کے ساتھ ساتھ زرعی شعبے کی پیداوار کو بہتر تشہیر اور مارکیٹ کے مزید مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت نے مارکیٹنگ کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور خصوصی۔۔۔/ 103

اننت ناگ میں ٹرانزٹ رہائشی منصوبے کی بروقت تکمیل کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر کا زیر التوا مسائل مقررہ مدت میں حل کرنے پر زور

اننت ناگ، 16 اکتوبر//// ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج ڈی سی آفس کمپلیکس اننت ناگ میں ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی، جس میں ضلع میں وزیر اعظم ترقیاتی پیکیج (پی ایم ڈی پی) کے تحت پی ایم پیکیج ملازمین کے لیے تعمیر کیے جا رہے ٹرانزٹ رہائشی منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو تعمیراتی کاموں کی رفتار تیز کرنے، زیر التوا مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور تمام ضروری بنیادی سہولیات کے ساتھ منصوبے کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے منصوبے کے مختلف اجزا پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا اور جاری تعمیراتی کاموں کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے سڑک رابطے، پینے کے پانی کی فراہمی اور بجلی سمیت ضروری بنیادی سہولیات کی دستیابی اور فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ان سہولیات کی فراہمی اس بات کے لیے ضروری ہے کہ رہائشی عمارت مکمل طور پر قابل استعمال ہو اور مستفید ہونے والے ملازمین کی ضروریات پوری کر سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے منصوبے کی رفتار متاثر کرنے۔۔۔/ 106

ڈپٹی کمشنر شوپیاں نے بجلی کے بنیادی ڈھانچے اور سرمائی تیاریوں کا جائزہ لیا

سو فیصد میٹرنگ اور سردیوں میں بلا تعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

شوپیاں، 16 اکتوبر////ضلع ترقیاتی کمشنر شوپیاں چرندیپ سنگھ نے آج منی سیکریٹریٹ شوپیاں میں کشمیر پاور ڈسٹری بیوشن کارپوریشن لمیٹڈ (کے پی ڈی سی ایل) کے افسران کے ساتھ ایک جامع جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں ضلع میں بجلی کی موجودہ صورتحال، بنیادی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے اور موسم سرما کے لیے تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران بجلی کی تقسیم کے نظام کو مضبوط بنانے، زیر التوا بجلی کنکشنوں، ٹرانسفارمروں کی تبدیلی اور بجلی کے نیٹ ورک کی قابل اعتماد کارکردگی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ سردیوں سے قبل بجلی کی ہموار فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے آر ڈی ایس ایس اور دیگر اسکیموں کے تحت زیر التوا بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں، بشمول میٹرنگ اور فیڈر لائنوں سے متعلق کاموں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے سخت سردی کے دوران بجلی کی فراہمی میں خلل کو کم سے کم رکھنے کے لیے ٹرانسفارمروں اور دیگر ضروری آلات کا مناسب ذخیرہ اور ہنگامی ضرورت کے لیے اضافی سامان دستیاب رکھنے کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ افسران کو مکمل۔۔۔/ 105

ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے جموں کی اہم درگاہوں پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

کہا اہم جموں و کشمیر میں روحانیت اور امن کے مراکز کی عظمتِ رفتہ بحال کر رہے ہیں

جموں، 16 اکتوبر// جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج جموں کے تالاب کھٹیکاں، گمٹ اور پیر بابا ستواری میں جاری تعمیراتی اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر جموں وقف ڈویژن کی انجینئرنگ ٹیم بھی ان کے ہمراہ تھی۔ دورے کے دوران ڈاکٹر اندرابی نے تالاب کھٹیکاں کی جامع مسجد کی نچلی منزل کی تعمیر اور حضرت روشن شاہ کی زیارت گاہ کی ازسر نو تعمیر کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دونوں منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ انہوں نے پیر بابا بڈھن علی شاہ کی زیارت گاہ کی ازسر نو تعمیر و تجدید کے منصوبے کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ انجینئرنگ حکام سے کام کی موجودہ صورتحال اور تکمیل کی مقررہ مدت کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔ ڈاکٹر اندرابی نے متعلقہ ٹیم کو ہدایت دی کہ تعمیراتی کاموں کی رفتار اور معیار کو برقرار رکھتے ہوئے تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کام تکمیل کے آخری مراحل میں۔۔۔/ 104

اونتی پورہ پولیس کی جانب سے تھانہ دیوس کا انعقاد

اونتی پورہ، 16 اکتوبر////

اونتی پورہ پولیس نے عوام اور پولیس کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور لوگوں کو اپنی شکایات پیش کرنے کا موقع فراہم کرنے کے مقصد سے پولیس اسٹیشن کھریو اور پولیس پوسٹ رشی پورہ میں تھانہ دیوس کا انعقاد کیا۔ پروگرام کے دوران پولیس افسران نے مقامی لوگوں کے ساتھ بات چیت کی اور ان کے مسائل و شکایات غور سے سنیں۔ پولیس افسران نے یقین دہانی کرائی کہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر شرکاء پر زور دیا گیا کہ وہ علاقے میں امن و امان اور سلامتی برقرار رکھنے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ جموں و کشمیر پولیس نے عوام دوست پولیسنگ، شکایات کے موثر ازالے اور عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر پلوامہ نے بجلی شعبے کی کارکردگی کا جائزہ لیا

سردیوں سے قبل بجلی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

پلوامہ، 16 اکتوبر////ڈپٹی کمشنر پلوامہ کلدیپ کرشن سدھا نے آج انتظامی کمپلیکس پلوامہ کے میٹنگ ہال میں بجلی کے شعبے سے متعلق ایک جامع جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں بجلی کی مجموعی فراہمی، محصولات کی وصولی، موسم سرما کی تیاریوں اور جاری اسکیموں، بالخصوص ازسر نو تشکیل شدہ تقسیم بجلی شعبہ اسکیم (آر ڈی ایس ایس) کے تحت جاری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلع پلوامہ کے بجلی شعبے سے متعلق تفصیلی خاکہ پیش کیا گیا، جس میں بجلی کی فراہمی کی موجودہ صورتحال، محصولات کی وصولی، بجلی کے نقصانات میں کمی، موسم سرما کی تیاریوں، آر ڈی ایس ایس، اسمارٹ میٹروں کی تنصیب، بنیادی ڈھانچے میں توسیع، پی ایم سوریہ گھر اسکیم اور دیگر متعلقہ اقدامات کی تفصیلات شامل تھیں۔ بجلی شعبے کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ تمام گرڈ اسٹیشنوں، ریسیونگ اسٹیشنوں اور ٹرانسفارمروں پر موجودہ بوجھ، بجلی برداشت کرنے کی صلاحیت اور۔۔۔/ 107

چیئرمین قومی اقلیتی کمیشن نے جموں و کشمیر میں

اقلیتی کمیونٹیوں کی فلاح و بہبود، تحفظ اور شکایات کا جائزہ لیا

جموں/ 16 اکتوبر// چیئرمین قومی اقلیتی کمیشن (این سی ایم) ہرجیت سنگھ گریوال نے آج یہاں سرکٹ ہاؤس میں جموں و کشمیر انتظامیہ کے سینئر افسران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کا مقصد یونین ٹیریٹری میں اقلیتی کمیونٹیوں کے لئے فلاحی سکیموں کی عمل آوری، حفاظتی انتظامات اور شکایات کے ازالے کے نظام کا جائزہ لینا تھا۔ میٹنگ میں سیکرٹری محکمہ سماجی بہبود ڈاکٹر ڈانگوڈے ساگر دتاترے، سپیشل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس ایم کے چند، صوبائی کمشنر جموں ڈاکٹر وکاس کنڈل، آئی جی پی جموں زون تیجندر سنگھ، ضلع ترقیاتی کمشنر جموں منگا شیرپا، سینئر سپرانٹنڈنٹ آف پولیس جموں جوگندر سنگھ، ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود جموں رنجیت سنگھ کے علاوہ متعلقہ محکموں کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ دوران میٹنگ سیکرٹری محکمہ سماجی بہبود نے اقلیتی کمیونٹیوں کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے شروع کئے گئے مختلف فلاحی اقدامات اور سرگرمیوں پر تفصیلی پریزنٹیشن پیش کی۔ پریزنٹیشن میں سرکاری فلاحی سکیموں، تعلیمی معاونت، مالی امداد کے پروگراموں اور دیگر ایسے اقدامات کا احاطہ کیا گیا جن کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ مستحق افراد تک ان کے مقررہ فوائد پہنچ سکیں۔ ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود نے جموں و کشمیر کے مختلف اضلاع میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لئے عملائی جانے والی سکیموں کی ضلع وار تفصیلات پیش کیں۔ ان میں پردھان منتری جن وکاس کاریہ کرم (پی ایم جے وی کے) بشمول۔۔۔/ 108

غلام علی کھٹانہ کی صدارت میں ٹاؤن ہال کپواڑہ میں عوامی دربار منعقد

بجلی، پینے کے پانی، سڑک رابطوں اور دیگر عوامی مسائل کا جائزہ



کپواڑہ، 16 اکتوبر//// رکن پارلیمان (راجیہ سبھا) انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج ضلع کپواڑہ کا دورہ کیا اور ٹاؤن ہال کپواڑہ میں عوامی دربار کی صدارت کرتے ہوئے ترقیاتی سرگرمیوں، مرکز کے زیر سرپرستی چلنے والی اسکیموں پر عمل درآمد اور عوامی شکایات کا جائزہ لیا۔ عوامی دربار میں سابق رکن قانون ساز کونسل سید رفیق شاہ، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کپواڑہ غلام رسول، چیف پلاننگ افسر، سپرنٹنڈنگ انجینئر محکمہ تعمیرات عامہ، اسسٹنٹ کمشنر ڈیولپمنٹ، اسسٹنٹ کمشنر پنچایت، دیگر متعلقہ ضلعی افسران اور ضلع کپواڑہ کی معزز شخصیات نے شرکت کی۔ بات چیت کے دوران رکن پارلیمان نے مختلف محکموں کی کارکردگی کا شعبہ وار جائزہ لیا۔ اس دوران ترقیاتی کاموں کی پیش رفت، مرکز کے زیر سرپرستی چلنے والی اسکیموں پر عمل درآمد اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق دیگر امور پر توجہ مرکوز کی گئی۔ مختلف حلقوں سے آئے عوامی نمائندوں اور لوگوں نے بجلی، پینے کے پانی، سڑک رابطوں، ٹرانسپورٹ، راشن کی تقسیم، مواصلاتی سہولیات، جنگلات سے متعلق امور اور دیگر بنیادی خدمات کے حوالے۔۔۔/ 111

سیکرٹری منصوبہ بندی، ترقی و نگرانی نے

اہم ترقیاتی اقدامات اور محکمانہ ترجیحات کا جائزہ لیا

سری نگر/ 16 اکتوبر// سیکرٹری منصوبہ بندی، ترقی اور نگرانی (پی ڈی اینڈ ایم ڈی) ڈاکٹر اویس احمد نے محکمہ کے افسران اور عملے کے ساتھ ایک تعارفی میٹنگ منعقد کی جس میں محکمہ کی کارکردگی، اہم ترقیاتی اقدامات کی پیش رفت اور مختلف پروگراموں کی موثر عمل آوری کی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ دوران میٹنگ وزیر اعظم ترقیاتی پیکیج (پی ایم ڈی پی) کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اس پیکیج میں 53 منصوبے شامل ہیں جو مجموعی طور پر 70,244.55 کروڑ روپے کی لاگت سے منظور کیے گئے ہیں اور ان پر اب تک مجموعی طور پر 89 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ 'پروجیکٹ مانیٹرنگ گروپ (پی ایم جی)' کی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جس کے تحت نشاندہی شدہ 124 مسائل میں سے 123 مسائل حل کیے جا چکے ہیں۔ میٹنگ میں مختلف اہم اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا جن۔۔۔/ 110

عمر عبداللہ حکومت کے ایز آف ڈوئنگ بزنس اقدام خوش آئندہ

روزگار کے مواقع میں اضافے اور بے روزگاری میں کمی کیلئے مددگار ثابت ہوگا: نیشنل کانفرنس

سرینگر// جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کی جانب سے ایز آف ڈوئنگ بزنس (کاروبار کرنے میں آسانی) کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قدم سرمایہ کاری کو فروغ دینے، کاروباری سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرنے اور جموں و کشمیر کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ پارٹی کے ترجمان عمران نبی ڈار نے کہا کہ کاروباری طریقہ کار کو آسان بنانا، غیر ضروری افسر شاہی رکاوٹوں کو دور کرنا اور کاروبار کے لئے سازگار ماحول فراہم کرنا مقامی معیشت کو مضبوط بنانے اور پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لئے ناگزیر ہے۔ اس طرح کے اقدامات سے موجودہ کاروباری اداروں کو وسعت دینے، نئے کاروبار شروع کرنے اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں سیاحت، دستکاری، زراعت، باغبانی، فوڈ پروسیسنگ اور چھوٹی صنعتوں سمیت مختلف شعبوں میں بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ ایک شفاف، موثر اور سرمایہ کار دوست انتظامی نظام ان امکانات کو بروئے کار لانے اور مقامی نوجوانوں کو معاشی ترقی کے ثمرات سے مستفید کرنے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ روزگار کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے، سرمایہ کاری راغب کرنے۔۔۔/ 109

ڈل جھیل نہیں دریائے جہلم پر واقع بڈشاہ پل کی حفاظتی باڑ اور

تزئین و آرائش کے کام کا ڈپٹی کمشنر سرینگر نے معائنہ کیا

سرینگر، 16 اکتوبر////ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لبرو نے جمعہ کو دریائے جہلم پر واقع بڈشاہ پل کے دونوں اطراف حفاظتی باڑ لگانے اور دیگر تعمیر و ترقی کے کاموں کا موقع پر معائنہ کیا۔ ان کاموں کا مقصد راہگیروں کی حفاظت کو یقینی بنانا، پل سے حادثاتی طور پر گرنے اور خودکشی کے واقعات کی روک تھام کے لیے حفاظتی اقدامات کو مضبوط بنانا اور پل کی مجموعی خوبصورتی میں اضافہ کرنا ہے۔ معائنے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ترقیاتی کاموں کے اہم پہلوؤں کا جائزہ لیا، جن میں پل کے دونوں اطراف نئی حفاظتی باڑ کی تنصیب، حفاظتی ریلنگ کو مضبوط بنانا اور روشنی کا مناسب انتظام شامل ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کی حفاظت ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پلوں پر پیش آنے والے خودکشی کے واقعات کے خدشات اور عوام کی جانب سے بہتر حفاظتی انتظامات کے مطالبے کے پیش نظر حفاظتی باڑ لگانے کا کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے سرینگر کے اہم شہری مقامات میں شمار ہونے والے بڈشاہ پل کی خوبصورتی میں اضافہ ہونے کے ساتھ عوام کو زیادہ محفوظ اور پائیدار سہولت بھی میسر آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کاموں کی منصوبہ بندی اس طرح کی گئی ہے کہ عوامی تحفظ، پل کی مضبوطی اور خوبصورتی کے درمیان توازن برقرار رہے اور حفاظتی باڑ کی تنصیب سے دریائے جہلم کے قدرتی حسن پر کوئی منفی اثر نہ پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید بتایا کہ سرینگر کی ضلعی انتظامیہ نے دریائے جہلم پر واقع دیگر حساس پلوں پر بھی۔۔۔/ 112

ڈپٹی کمشنر کولگام نے ڈیجیٹل اطلاعاتی بورڈ کا افتتاح کیا

اہربل کو سیاحتی نقشے پر نمایاں کرنے پر زور



کولگام، 16 اکتوبر////ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے آج منی سیکریٹریٹ کولگام میں ایک ڈیجیٹل اطلاعاتی بورڈ کا افتتاح کیا۔ اس اقدام کا مقصد سیاحوں کو بہتر معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ضلع کی سیاحتی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔ ڈیجیٹل بورڈ کے ذریعے سیاحوں کو مختلف سیاحتی مقامات، ان کے درمیان فاصلے، سیاحتی بنیادی ڈھانچے اور جنوبی کشمیر کے دیگر اہم مقامات کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کی جائیں گی، جس سے انہیں اپنے سفر کی منصوبہ بندی کرنے میں آسانی ہوگی۔ یہ بورڈ سیاحوں اور عام لوگوں کے لیے معلومات کے ایک مرکزی ذریعے کے طور پر بھی کام کرے گا۔ اس کے علاوہ اس بورڈ پر عوامی بیداری سے متعلق پیغامات اور حکومت کی مختلف اسکیموں اور اقدامات کے بارے میں معلومات بھی آویزاں کی جائیں گی۔ ڈیجیٹل۔۔۔/ 113

تاریخی خانقاہِ معلیٰ سرینگر میں اتوار کو تقریب کا اہتمام ہوگا

سرینگر:۔ انشاء اللہ حسب قدیم تاریخی خانقاہ معلی حضرت میر سید علی ہمدانیؒ بانی اسلام کشمیر میں 6 ماہ جمادی الاول بروز اتوار بمطابق 18 اکتوبر نماز ظہر کے بعد ایک تقریب کا انعقاد ہوگا۔ جس میں حسب قدیم توبہ استغفار، ختمات المعظمات، درود و اذکار اور اوراد فتحیہ کی مجلس آراستہ ہوگی۔ خادمانِ زیارت شاہ ہمدانؒ نے عقیدت مندوں کیلئے خاطر خواہ انتظامات رکھیں ہیں۔ نماز ظہر سے قبل میر واعظ کشمیر اور خانقاہ معلی کے سرپرست اعلیٰ مولانا مولوی ریاض احمد ہمدانی ماہ جمادی الاول اور قرآن اور حدیث کی روشنی میں حضرت اولیائے کرام کی عظمت اور شان بیان کریں گے۔ عاشقانِ رسولؐ محب اولیاء سے پرزور اپیل کی جاتی ہے مقررہ وقت پر ہی تشریف لاکر فیضیاب ہو جائیں۔ وادی کے تمام خانقاہوں میں بھی ایسی ہی مجالس کا انعقاد ہوگا۔

خبر و نظر

پریس کونسل کی احتجاج کی کوریج کے لیے ہدایات

یو این آئی/ حالیہ احتجاجی مظاہروں کے دوران ایک دوسرے کے رویے پر صحافیوں اور پولیس کے درمیان الزامات اور جوابی الزامات کے پیش نظر پریس کونسل آف انڈیا (پی سی آئی) نے احتجاج اور دھرنوں کی رپورٹنگ کے سلسلے میں صحافیوں کے لیے رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔ کونسل نے کہا ہے کہ صحافی، مظاہروں کے دوران پولیس کی ایسی تعیناتی، حساس سرگرمیوں اور محفوظ نکلنے کے راستوں کی معلومات کا براہ راست نشریات یا اشاعت نہ کریں، جس سے سلامتی کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ صحافیوں کو غیر جانبدار رہنے، پولیس کے قانونی احکامات کی تعمیل کرنے اور اپنی حفاظت کا خیال رکھنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ کونسل کی بدھ کے روز ہونے والی میٹنگ میں ان رہنما خطوط کو منظور کیا گیا۔ ان کا مقصد احتجاجی مظاہروں کی محفوظ، درست اور ذمہ دارانہ رپورٹنگ کو یقینی بنانا ہے۔ رہنما خطوط کے مطابق، صحافیوں کو اپنے میڈیا یا ادارے کا ویلڈ شناختی کارڈ یا پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) یا انفارمیشن اینڈ پبلک ریلیشنز ڈائریکٹوریٹ کا شناختی کارڈ رکھنا چاہئے۔ رپورٹنگ کے دوران شناختی کارڈ واضح طور پر دکھائی دینا چاہئے۔ صحافیوں کو احتجاج میں شامل ہونے، کسی فریق کی حمایت کرنے، اکسانے یا مظاہرین اور پولیس کے کام میں رکاوٹ ڈالنے سے گریز کرنا چاہئے۔ کونسل نے صحافیوں کو پولیس اور مظاہرین کے درمیان کشیدگی بڑھنے پر محفوظ فاصلہ بنائے رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ بھیڑ میں احتیاط سے چلنے، اردگرد کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نکلنے کے راستوں کی پہلے سے شناخت کرنے کو کہا گیا ہے۔ آنسو گیس یا دھوئیں کی صورت میں محفوظ راستوں سے متاثرہ علاقے سے باہر نکلنے کا مشورہ بھی دیا گیا ہے۔ صحافیوں کو فرسٹ ایڈ کا سامان، ضروری دوائیں، پینے کا پانی، ہلکا کھانا، ٹارچ اور آنکھوں کی حفاظت کے لیے چشمہ ساتھ رکھنے کو کہا گیا ہے۔ خطرے کے تخمینے کے مطابق سر اور جسم کی حفاظت کے وسائل بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ البتہ حفاظتی آلات کے بھروسے غیر ضروری خطرہ مول لینے سے بچنے کی وارننگ دی گئی ہے۔ آنسو گیس کے گولے، تیز روشنی والے آلات یا دھوئیں کے بم کو چھونے، اٹھانے یا ہٹانے کی کوشش نہ کرنے کو بھی کہا گیا ہے۔ کونسل نے میڈیا اداروں کو رپورٹنگ کے دوران صحافیوں سے مسلسل رابطہ بنائے رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ آزادانہ طور پر کام کرنے والے صحافیوں کو بھی اپنے کسی قابل اعتماد ایڈیٹر یا فرد کو اپنی جگہ، کام کے منصوبے اور واپس لوٹنے کے ممکنہ وقت کی جانکاری دینی چاہئے۔ پہلے سے طے شدہ احتجاج کے لیے میڈیا اداروں کو متعلقہ پولیس حکام کے ساتھ تال میل بٹھانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ رپورٹنگ کے معیار پر زور دیتے ہوئے کونسل نے کہا ہے کہ صحافی حقائق، الزامات، خیالات اور غیر مصدقہ دعووں کے درمیان واضح فرق رکھیں۔ جہاں ممکن ہو، معلومات کی کئی ذرائع سے تصدیق کریں۔ مظاہرین، منتظمین، پولیس اور سرکاری حکام کے بیانات کی یکساں جانچ کی جانی چاہئے۔ نابالغوں، کمزور حالت میں موجود افراد، زخمیوں اور بحران میں پھنسے عام شہریوں کی شناخت یا تصاویر شائع کرتے وقت ان کی پرائیویسی اور سلامتی کا خیال رکھنے کو بھی کہا گیا ہے۔ کونسل نے واضح کیا ہے کہ پولیس کی سرگرمیوں کی رپورٹنگ پر مکمل پابندی نہیں لگائی گئی ہے۔ پابندی صرف ایسی لائیو نشریات یا اشاعت سے بچنے کے لیے ہے، جس سے سکیورٹی یا پولیس کی کارروائی متاثر ہو سکتی ہے۔ رہنما خطوط میں صحافیوں کو خصوصی تصاویر لینے یا براہ راست نشریات کا دباؤ ہونے پر بھی سلامتی کو ترجیح دینے اور صحافت کے اصولوں کے مطابق غیر جانبدارانہ اور درست رپورٹنگ کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

خاتون افسر کے ساتھ استعمال کی گئی زبان ناقابل قبول ہے/ ڈاکٹر فاروق

یو این ایس/ نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ایک خاتون افسر کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کی ویڈیو دیکھنے پر افسوس اور شرمندگی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ آئی اے ایس افسر کو جموں و کشمیر سے ہٹانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسر کا طرزِ عمل ایک سینئر انتظامی افسر کے شایانِ شان نہیں ہے۔ سرینگر میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ خاتون افسر کے ساتھ استعمال کی گئی زبان ناقابل قبول ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ متعلقہ افسر میں ایک آئی اے ایس افسر سے متوقع نظم وضبط اور پیشہ ورانہ رویے کی کمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خاتون افسر کے ساتھ اس طرح کی زبان استعمال کرنا انتہائی نامناسب تھا اور متعلقہ افسر کو اس پر سرزنش کی جانی چاہیے۔ فاروق عبداللہ نے کہا کہ سرکاری افسران عوام کی خدمت، ان کی شکایات سننے اور مسائل حل کرنے کے لیے تعینات کیے جاتے ہیں، نہ کہ لوگوں کی توہین یا تذلیل کرنے کے لیے۔ ان کے مطابق، عوام اپنی شکایات لے کر افسران کے پاس آتے ہیں اور افسران کو چاہیے کہ وہ صبر و تحمل کے ساتھ ان کی بات سنیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بجائے متعلقہ افسر نے مبینہ طور پر خاتون افسر سے کہا کہ "باہر نکلو، باہر نکلو"، جو بالکل غلط ہے۔ فاروق عبداللہ نے مطالبہ کیا کہ اس افسر کو جموں و کشمیر سے ہٹا دیا جائے۔ نیشنل کانفرنس صدر نے کہا کہ جب انہوں نے سوشل میڈیا پر اس واقعے کی ویڈیو دیکھی تو انہیں شرمندگی محسوس ہوئی۔ ان کے مطابق، افسر کا رویہ آئی اے ایس افسر کے منصب کے مطابق نہیں تھا اور اس واقعے نے پوری انتظامی برادری کو شرمندہ کیا ہے۔

جے شنکر اور مارکو روبیو کی 20 اکتوبر کو ممبئی میں ملاقات

یو این آئی/ وزارت خارجہ نے جمعہ کو تصدیق کی کہ وزیر خارجہ ایس جے شنکر 20 اکتوبر کو ممبئی میں امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کریں گے۔ کانگریس لیڈر جے رام رمیش کی جانب سے مجوزہ ملاقات پر وزارت کی خاموشی اور امریکی فریق کی جانب سے تفصیلات سامنے آنے پر سوال اٹھائے جانے کے ایک دن بعد یہ تصدیق کی گئی۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ جے شنکر 19 اور 20 اکتوبر کو ممبئی میں متحدہ عرب امارات کے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ عبداللہ بن زاید النہیان اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی میزبانی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ روبیو کے دورے سے ہندوستان-امریکہ تعلقات کا جائزہ لینے اور جامع عالمی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کا موقع ملے گا۔

شمالی ہندوستان میں آندھی اور طوفان

جنوبی ہندوستان میں شدید بارش کی وارننگ

ہندوستان کے محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے جمعہ کو ہریانہ، چنڈی گڑھ، دہلی، اتراکھنڈ، مغربی اتر پردیش اور مشرقی راجستھان کے بعض علاقوں میں آندھی، طوفان، بجلی گرنے اور 60 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کی رفتار سے ہوائیں چلنے کی وارننگ دی ہے۔ وہیں جنوبی ہندوستان کے بعض حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش اور 3 ریاستوں میں اچانک سیلاب آنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ جمعہ کی صبح جاری موسم کی پیش گوئی میں محکمہ موسمیات نے 16 اکتوبر کو ہریانہ، چنڈی گڑھ، دہلی، پنجاب، اتر پردیش اور مشرقی راجستھان کے بعض حصوں میں بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ تاہم، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دہلی اور پنجاب میں بارش کا سلسلہ بنیادی طور پر جمعہ تک ہی محدود رہنے کا امکان ہے اور 17 سے 22 اکتوبر کے درمیان موسم خشک رہنے کی توقع ہے۔ محکمہ نے 16 اکتوبر کو تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور جنوبی اندرونی کرناٹک کے بعض علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ ساحلی آندھرا پردیش، رائل سیما، ساحلی کرناٹک، کیرالہ اور ماہے کے بعض حصوں میں بھی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ آئندہ دنوں جنوبی ہندوستان میں بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی توقع ہے۔ 16 سے 19 اکتوبر تک تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں، جبکہ 16 سے 22 اکتوبر تک کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، ساحلی کرناٹک اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں وسیع پیمانے پر بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے 17 اکتوبر کی صبح 5:30 بجے تک کے 24 گھنٹوں کے دوران تمل ناڈو، کیرالہ اور کرناٹک کے بعض حصوں میں اچانک سیلاب آنے کا کم از کم درمیانے درجے کا خطرہ ظاہر کیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں تمل ناڈو کے ایروڈ، نیل گری، تھینی، ویلوپورم اور کڈلور اضلاع، کیرالہ کے ایرناکولم اور پلکڑ، اور کرناٹک کے کوڈاگو اور چکمگلور اضلاع شامل ہیں۔ محکمہ نے خبردار کیا ہے کہ شدید بارش کے باعث نچلے نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے اور بعض مقامات پر مٹی کے تودے گرنے یا زمین دھنسنے کے واقعات پیش آ سکتے ہیں۔ خاص طور پر ان علاقوں میں یہ خطرہ زیادہ ہے جہاں زمین پہلے ہی پوری طرح پانی سے بھیگ چکی ہے۔ تیز ہواؤں اور شدید بارش سے

> محکمہ نے 16 اکتوبر کو تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور جنوبی اندرونی کرناٹک کے بعض علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ ساحلی آندھرا پردیش، رائل سیما، ساحلی کرناٹک، کیرالہ اور ماہے کے بعض حصوں میں بھی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

کھڑی فصلوں، باغبانی کے پودوں، کمزور عمارتوں اور سڑکوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ سڑک اور ریل کی آمدورفت بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے حساس علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو چوکس رہنے اور ضرورت پڑنے پر محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کے لیے تیار رہنے کا مشورہ دیا ہے۔ ساتھ ہی لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ آسمانی بجلی کڑکنے کے دوران درختوں کے نیچے پناہ نہ لیں، بجلی کے آلات بند کر دیں اور آبی ذخائر یا پانی کے دیگر ذرائع سے دور رہیں۔ شمالی پنجاب اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں ایک مغربی ہواؤں کا نظام گردابی گردش کی شکل میں موجود ہے۔ اس کے ساتھ ہی جنوبی ہریانہ اور اس سے متصل شمالی راجستھان کے اوپر بھی ایک اور گردابی گردش موجود ہے، جس کا اثر شمالی ہندوستان کے بعض حصوں کے موسم پر پڑ رہا ہے۔ ہماچل پردیش میں 16 اور 17 اکتوبر کو بعض مقامات پر بارش کا امکان ہے، جبکہ اتراکھنڈ میں جمعہ کو کچھ مقامات پر بارش ہو سکتی ہے اور اس کے بعد اگلے 2 دن تک بھی بعض مقامات پر بارش ہونے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے 18 اکتوبر کو تلنگانہ اور 17 اکتوبر کو اڈیشہ میں بعض مقامات پر شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ وسطی اور مشرقی ہندوستان کے بعض حصوں میں آندھی، طوفان، آسمانی بجلی گرنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ نے متاثرہ علاقوں کے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کٹی ہوئی فصل کو محفوظ رکھیں، فصلوں کو تیز ہواؤں سے بچائیں اور کھیتوں میں پانی کی نکاسی کا مناسب انتظام کریں۔ مویشی پروروں سے کہا گیا ہے کہ شدید بارش کے دوران اپنے جانوروں کو محفوظ پناہ گاہوں میں رکھیں۔ 15 اکتوبر کی صبح 8:30 بجے سے 16 اکتوبر کی صبح 5:30 بجے کے درمیان ہونے والی نمایاں بارش میں کرائیکل اور کوئمبٹور کے پیلا میڈو ہوائی اڈے پر 6-6 سینٹی میٹر، تروپتی میں 5 سینٹی میٹر اور بنگلورو میں 3 سینٹی میٹر بارش درج کی گئی۔ گجرات کے راجکوٹ میں ملک کا سب سے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40.6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا، جبکہ آسام کے ہافلونگ میں میدانی علاقوں کا سب سے کم سے کم درجہ حرارت 15 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ (یو این آئی)

ریڑھ کی ہڈی کی صحت اور درست نشست و برخاست کی اہمیت

طارق انور

ریڑھ کی ہڈی انسانی جسم کا ایک نہایت اہم حصہ ہے، جو جسم کو سہارا دینے، سیدھا کھڑے رہنے، چلنے پھرنے اور مختلف جسمانی حرکات انجام دینے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ یہ جسم کی ساخت کو متوازن رکھنے کے ساتھ ساتھ حرام مغز کی حفاظت بھی کرتی ہے، جو دماغ اور جسم کے مختلف حصوں کے درمیان پیغامات پہنچانے کا اہم ذریعہ ہے۔ اگر ریڑھ کی ہڈی صحت مند ہو اور انسان بیٹھنے، کھڑے ہونے اور چلنے کے دوران درست انداز اپنائے تو نہ صرف جسمانی توازن برقرار رہتا ہے بلکہ کمر اور گردن کے درد سے بچنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ اس کے برعکس غلط انداز میں بیٹھنے، دیر تک ایک ہی حالت میں رہنے اور جسمانی سرگرمی کی کمی سے ریڑھ کی ہڈی اور اس کے آس پاس کے عضلات پر اضافی دباؤ پڑ سکتا ہے۔

ریڑھ کی ہڈی چھوٹے چھوٹے مہروں پر مشتمل ہوتی ہے، جن کے درمیان نرم گدیاں یا ڈسک موجود ہوتی ہیں۔ یہ ڈسک جھٹکوں کو جذب کرنے اور مہروں کے درمیان حرکت کو آسان بنانے میں مدد دیتی ہیں۔ ریڑھ کی ہڈی کو گردن، سینے، کمر، کولہے کے قریب والے حصے اور آخری حصے میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اس کی قدرتی خم دار ساخت جسمانی وزن کو متوازن رکھنے اور چلنے، دوڑنے یا اچھلنے کے دوران پیدا ہونے والے جھٹکوں کو برداشت کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اسی لیے اس کی قدرتی ساخت اور صحت کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔

درست نشست و برخاست کا مطلب صرف سیدھا بیٹھنا یا کھڑا ہونا نہیں، بلکہ جسم کے مختلف حصوں کو ایسی حالت میں رکھنا ہے جس سے عضلات، جوڑوں اور ریڑھ کی ہڈی پر غیر ضروری دباؤ نہ پڑے۔ جب انسان مناسب انداز میں بیٹھتا یا کھڑا ہوتا ہے تو جسمانی وزن بہتر طریقے سے تقسیم ہوتا ہے اور عضلات کو غیر ضروری محنت نہیں کرنی پڑتی۔ اس کے برعکس مسلسل جھک کر بیٹھنے، گردن آگے نکالنے یا کمر کو غیر فطری انداز میں موڑنے سے گردن، کندھوں اور کمر میں درد یا اکڑن پیدا ہو سکتی ہے۔

آج کے دور میں موبائل فون، کمپیوٹر اور دیگر ڈیجیٹل آلات کا استعمال بڑھنے کے باعث غلط انداز میں بیٹھنے کی عادت عام ہو گئی ہے۔ بہت سے افراد موبائل فون دیکھتے وقت سر کو مسلسل نیچے جھکائے رکھتے ہیں، جس سے گردن کے عضلات پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ اسی طرح کمپیوٹر پر کام کرتے ہوئے آگے کی جانب جھکنا، کرسی پر کمر کو سہارا دیے بغیر بیٹھنا اور کئی گھنٹے ایک ہی حالت میں رہنا بھی جسمانی تکالیف کا سبب بن سکتا ہے۔ اس مسئلے سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ اسکرین کو آنکھوں کی سطح کے قریب رکھا جائے، کمر کو مناسب سہارا دیا جائے اور کام کے دوران وقفے وقفے سے جسم کو حرکت دی جائے۔

درست انداز میں بیٹھنے کے لیے ضروری ہے کہ دونوں پاؤں زمین پر مکمل طور پر رکھے جائیں اور گھٹنے تقریباً کولہوں کی سطح پر ہوں۔ کمر کو کرسی کی پشت سے سہارا ملنا چاہیے، جبکہ کندھوں کو ڈھیلا اور قدرتی حالت میں رکھنا چاہیے۔ کمپیوٹر استعمال کرتے وقت اسکرین مناسب فاصلے پر اور آنکھوں کی سطح کے قریب ہونی چاہیے تاکہ گردن کو بار بار آگے یا پیچھے نہ جھکانا پڑے۔ اگر پاؤں زمین تک نہیں پہنچتے تو چھوٹے اسٹول کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ مسلسل کئی گھنٹے بیٹھنے کے بجائے ہر تیس سے ساٹھ منٹ بعد اٹھ کر چند منٹ چلنا پھرنا مفید ہے۔

کھڑے ہونے کے دوران بھی جسمانی توازن برقرار رکھنا ضروری ہے۔ دونوں پاؤں پر وزن تقریباً یکساں تقسیم ہونا چاہیے اور گھٹنوں کو غیر ضروری طور پر سخت کرکے نہیں رکھنا چاہیے۔ کندھے قدرتی حالت میں اور سر جسم کے ساتھ متوازن ہونا چاہیے۔ دیر تک کھڑے رہنے والے افراد کو وقتاً فوقتاً اپنی پوزیشن تبدیل کرنی چاہیے۔ چلتے وقت بھی سر سیدھا، نظر سامنے اور قدم قدرتی انداز میں رکھنے چاہئیں۔ بھاری سامان اٹھاتے ہوئے کمر کو اچانک موڑنے یا صرف کمر کے بل جھکنے سے گریز کرنا چاہیے۔ بہتر طریقہ یہ ہے کہ گھٹنوں کو موڑ کر سامان جسم کے قریب رکھا جائے اور ٹانگوں کی مدد سے اٹھایا جائے۔

ریڑھ کی ہڈی کو مضبوط رکھنے کے لیے باقاعدہ جسمانی سرگرمی بھی اہم ہے۔ روزانہ چہل قدمی، ہلکی ورزش اور ایسی حرکات و سکنات جن سے پیٹ اور کمر کے عضلات مضبوط ہوں، جسمانی توازن بہتر بنانے میں مدد دے سکتے ہیں۔ تاہم ورزش کا انتخاب اپنی عمر، جسمانی صلاحیت اور صحت کے مطابق کرنا چاہیے۔ اگر کسی ورزش سے درد بڑھتا ہو تو اسے روک دینا مناسب ہے۔ یوگا اور کھنچاؤ کی بعض ہلکی مشقیں بھی لچک بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں، بشرطیکہ انہیں درست طریقے سے انجام دیا جائے۔

متوازن غذا بھی ہڈیوں اور عضلات کی صحت کے لیے ضروری ہے۔ کیلشیم، وٹامن ڈی اور پروٹین سے بھرپور غذائیں ہڈیوں اور عضلات کو مضبوط رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ دودھ، دہی، انڈے، دالیں، سبز پتوں والی سبزیاں اور دیگر غذائیت سے بھرپور غذاؤں کو روزمرہ خوراک کا حصہ بنایا جا سکتا ہے۔ مناسب نیند اور صحت مند وزن برقرار رکھنا بھی ریڑھ کی ہڈی پر غیر ضروری دباؤ کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ سوتے وقت ایسا گدا اور تکیہ استعمال کرنا بہتر ہے جو جسم کو مناسب سہارا فراہم کرے اور گردن کو غیر فطری زاویے پر نہ رکھے۔

بچوں اور نوجوانوں میں درست انداز اپنانے کی عادت پیدا کرنا بھی بے حد اہم ہے۔ اسکول بیگ کا وزن مناسب ہونا چاہیے اور اسے دونوں کندھوں پر پٹیوں کی مدد سے اٹھانا بہتر ہے۔ پڑھائی کے دوران میز اور کرسی کا قد مناسب ہونا چاہیے تاکہ بچوں کو مسلسل جھک کر نہ بیٹھنا پڑے۔ والدین اور اساتذہ بچوں کو کھیل کود، چہل قدمی اور جسمانی سرگرمیوں کی ترغیب دے کر ان کی صحت مند نشوونما میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

اگر کمر یا گردن کا درد مسلسل برقرار رہے، بڑھتا جائے یا اس کے ساتھ ہاتھوں یا ٹانگوں میں سن ہونا، کمزوری یا چلنے میں دشواری محسوس ہو تو طبی مشورہ لینا ضروری ہے۔ پیشاب یا پاخانے پر اچانک قابو ختم ہونے، رانوں کے درمیان یا شرم گاہ کے آس پاس سن ہونے، یا ٹانگوں میں تیزی سے بڑھتی کمزوری کی صورت میں فوری طبی امداد حاصل کرنی چاہیے۔ ایسی علامات کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

ریڑھ کی ہڈی کی صحت برقرار رکھنے کے لیے بڑی تبدیلیوں کے بجائے روزمرہ کی چھوٹی چھوٹی عادتیں بھی اہم ثابت ہو سکتی ہیں۔ درست انداز میں بیٹھنا، مناسب طریقے سے کھڑا ہونا، باقاعدہ چہل قدمی کرنا، جسمانی سرگرمی جاری رکھنا اور بھاری سامان احتیاط سے اٹھانا صحت مند زندگی کی بنیاد ہیں۔ یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ درست نشست و برخاست کا مقصد ہر وقت جسم کو اکڑا کر رکھنا نہیں، بلکہ قدرتی اور آرام دہ انداز اپنانا اور زیادہ دیر تک ایک ہی حالت میں رہنے سے بچنا ہے۔ ان آسان اصولوں پر عمل کرکے ریڑھ کی ہڈی کی صحت کا بہتر خیال رکھا جا سکتا ہے اور روزمرہ زندگی کو زیادہ آرام دہ اور فعال بنایا جا سکتا ہے۔

سرینگر ٹائمز

17 اکتوبر 2026، بروز سنیچروار

گریز میں حاملہ عورت اور بچے کی موت کا معاملہ
کیا حکام اتنے سنگ دل ہیں کہ افسوس بھی نہ کریں

وادی کشمیر دنیا میں خوبصورتی کے اعتبار سے کافی مشہور تو ہے مگر اس وادی میں مزید ایسی وادیاں ہیں کہ جن کو دیکھ کر یہیں پر قیام کرنے کیلئے دل للچاتا ہے۔ گریز ان ہی میں سے ایک ممتاز وادی ہے۔ حکمرانوں کو بھی اچھی طرح احساس ہے کہ وادی کے اس حصہ میں کتنی کشش ہے۔ اسی لئے اس خطہ زمین کو ٹورسٹ نقشہ پر نمایاں طور پیش کرنے کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے لیکن سرینگر سے گریز تک کا سفر اتنا آسان نہیں جتنا کہ گلمرگ یا سونہ مرگ یا پہلگام کی جانب راہوں پر ہوتا ہے۔ گریز میں جب برف پڑتی ہے تو جم کر پڑتی ہے۔ درجہ حرارت میں یک لخت کمی آتی ہے۔ بہار میں موسم بگڑ جائے تو سب سے پہلے گریز کا راستہ بُری طرح متاثر ہوتا ہے۔ جب کسی جگہ تیز بارش ہو جاتی تو گریز میں برف باری ہوتی ہے۔ راستے بند ہونے کے واقعات کا کوئی مخصوص وقت نہیں ہوتا۔

وادی کشمیر میں جب سردیاں ہونے والی ہوتی ہیں گریز میں صورتحال قبل از وقت غیر معمولی شکل وصورت اختیار کر چکی ہوتی ہے۔ گریز کے بارے میں یہ مختصر تمہید لکھنے کی ضرورت آج اس لئے محسوس ہوئی کہ پچھلے دنوں ایک "خاتون اور اس کا بچہ" اس دنیا سے رخصت ہوئے گھر والوں، رشتہ داروں، لواحقین اور پورے گریز کے لوگوں کو زبردست صدمہ پہنچا ہے۔ آج گریز اور پڑوس میں ماتم کی لہر ہے اور متاثرہ گھر کے افراد کو سنبھالنے کی کوششیں بھی ناکام ہو رہی ہیں۔

کہانی یہ ہے کہ ایک خاتون جو درد زہ میں مبتلا تھی، عام لفظوں میں حاملہ تھی کو ہسپتال جانے کی ضرورت پڑی۔ اُسے مقامی ہسپتال لے جایا گیا جہاں عملہ نے اس کا معائنہ کرکے اور جائزہ لے کر ضروری کاروائی کی مگر خاتون کی نازک حالت کو دیکھتے ہوئے اسے ڈسٹرکٹ ہسپتال بانڈی پورہ لے جانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق بانڈی پورہ تک سفر کرنے کیلئے متعلقہ حکام سے اجازت کی ضرورت تھی کیونکہ تازہ بارش اور برفباری کے نتیجہ میں سڑک پر آمدورفت مشکل بتائی گئی تھی۔ اس ہنگامی صورتحال میں جہاں خاتون تڑپتی رہی اور رشتہ دار بے چین ہو گئے تو کسی نہ کسی طرح حاملہ کو بانڈی پورہ لے جانے کی کوشش کی گئی مگر اتنی دیر میں خاتون نے آخری سانس لی اور اس کے بطن میں بچے نے بھی جان دے دی۔ یہ المناک منظر تھا اور جو افراد اس کے چشم دید گواہ ہیں وہ ابھی تک صدمہ سے باہر نہیں نکل گئے ہوں گے اس سنگین بلکہ خونین واقعہ کی خبر سے گریز میں سنسنی کی لہر دوڑ گئی۔ دوکانداروں نے دکانیں بند کیں اور تمام کاروباری سرگرمیاں معطل ہو گئیں۔ مگر جو ہونا تھا وہ ہو چکا تھا۔ ایک گھر پر قیامت کا پہاڑ ٹوٹ گیا تھا اور لواحقین کے دل وجگر پاش پاش ہو چکے تھے۔ سڑک کے بند ہونے کے نتیجہ میں ایک حاملہ اور اس کے بطن میں پل رہے بچے کی موت پر خون کے آنسو بہائیں وہ بھی کم ہیں۔ کیا انتظامیہ سڑک کے بند ہونے کے نتیجے میں یا اجازت ملنے میں تاخیر سے دو انسانوں کی موت کے ذمہ دار حکام سے جواب طلب کر سکتی ہے۔ اور اپنی غلطی کا اعتراف کرکے معافی کا اعلان کرے گی۔

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

DEPARTMENT OF SKILL DEVELOPMENT

GOVERNMENT INDUSTRIAL TRAINING INSTITUTE, KUPWARA

NOTICE

TENTATIVE MERIT LIST - ENGAGEMENT OF GUEST FACULTY, SEWING TECHNOLOGY, ACADEMIC SESSION 2026-27

Reference: (i) Advertisement Notice No. ITI/KUP/Trgs/2026/338-43 dated 07-09-2026; (ii) Jammu and Kashmir Guest Faculty in ITIs Engagement Policy, conveyed under Govt. letter No. DSD-GNCD/11/2026-02 dated 28-08-2026, Part F.3

In pursuance of Part F.3 of the Policy, the tentative merit list for engagement of Guest Faculty in the trade of Sewing Technology for the Academic Session 2026-27, as drawn up by the District Level Selection Committee on completion of scrutiny and structured interaction, is published below with the component-wise break-up of points awarded to every applicant.

Part I - Eligible candidate(s), in order of merit

Merit No.	Name and parentage	Basic qualification relied upon (Route)	A (70)	B (10)	C (5)	D (5)	E (10)	Total (100)	Remarks
1	Mir Kisar-un-Nissa D/o Khazir Mohd Mir Hajin, Langate, Kupwara	M.Voc (Fashion Technology), SPPU, 2206/3000 = 73.53% (Route 1)	51.47	0.00	0.00	1.00	9.00	61.47	A: 73.53% x 70. D: one completed academic session (2024-25) as Guest Faculty, Govt. ITI Kupwara, counted as one year

اور وارڈ آفیسر کو شکایت کنندہ سے 10,000 روپے رشوت کا مطالبہ کرتے اور وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔ مذکورہ ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ اس معاملے کی تفتیش جاری ہے۔ بدعنوان سرکاری ملازمین کے خلاف سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (CBI) کی جانب سے کی گئی یہ سخت کارروائی، بدعنوانی کے خاتمے کے لیے ادارے کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ حکام نے کہا کہ جموں وکشمیر اور لداخ میں، اگر کسی شہری کو بدعنوانی کا سامنا کرنا پڑے یا کوئی سرکاری عہدیدار اس سے رشوت کا مطالبہ کرے تو ایسے واقعات کی اطلاع ضرور دیں۔ شہری اپنی شکایات درج کرانے یا متعلقہ معلومات فراہم کرنے کے لیے سری نگر میں واقع سی بی آئی، اے سی بی (ACB) کے دفتر گیسٹ ہاؤس نمبر 6، ایم ایل اے ہاسٹل کے قریب، ایم اے روڈ، سری نگر سے رجوع کر سکتے ہیں، یا 9419900977 پر کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6

مطابق، منسلک کیے گئے مکان کے مالک کی شناخت بشیر احمد ڈار ولد مرحوم حبیب اللہ ڈار، ساکن گنڈ گنگی پورہ، بجبہاڑہ کے طور پر ہوئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد منشیات کے غیر قانونی کاروبار سے وابستہ افراد کے مالی نیٹ ورک کو ختم کرنا اور منشیات کے پھیلاؤ پر قابو پانا ہے۔ اننت ناگ پولیس نے کہا ہے کہ منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 7

کے پیچھے کیا وجوہات ہیں، اس بارے میں حکام کی جانب سے تاحال باضابطہ طور پر کوئی تفصیلات جاری نہیں کی گئی ہیں۔ چھاپوں کے دوران کسی قسم کی برآمدگی، کارروائی کی وجوہات اور اس سلسلے میں مزید اقدامات سے متعلق تفصیلات کا انتظار ہے۔

بقیہ نمبر 8

انتخابی عمل میں مداخلت قرار دیا ہے۔ وزارت خارجہ کے سرکاری ترجمان رندھیر جیسوال نے جمعہ کے روز یہاں میڈیا بریفنگ میں اس سلسلے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہا کہ یہ دوسرے جمہوری ملک کے انتخابی عمل میں مداخلت کے مترادف ہے۔ ترجمان نے کہا، "ہم ان تبصروں کو غیر مناسب اور بغیر مکمل معلومات کے کیے گئے مانتے ہیں۔ یہ دوسرے جمہوری ملک کے انتخابی عمل میں مداخلت کے برابر ہیں۔ ایسا رویہ خود جمہوریت کو کمزور کرتا ہے۔" قابل ذکر ہے کہ محترمہ جے پال نے ایس آئی آر پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا تھا کہ بڑی تعداد میں لوگوں کا ووٹر لسٹ سے نام کاٹا جانا تشویش کا باعث ہے۔ اس سے قبل امریکہ میں ہندوستانی سفیر ونے کواترا نے بھی امریکی رکن پارلیمان کے اس طرح کے تبصرے پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا تھا۔ ... کانگریس میں ہندوستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت ہے۔

بقیہ نمبر 9

اشتہار جاری کیا ہے کہ جو امیدوار ... جموں وکشمیر اور لداخ کیلئے نظرثانی شدہ شیڈول کے مطابق ... سرکاری جائزہ میٹنگ کی جائے گی ...

بقیہ نمبر 14

جموں وکشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر (سی ای او) ... جن ریاستوں میں خصوصی نظرثانی (SIR) جاری ہے ... الیکٹورل رولز کی حتمی اشاعت ... ووٹر لسٹ ... 1950 ایکٹ کے تحت ...

بقیہ نمبر 15

کے بعد الیکشن کمیشن نے 1 جنوری 2027 کو اہلیت کی تاریخ مقرر کی ہے ... 324 آئین کی دفعہ ... 1950 ایکٹ ... 13CC ... 16 ...

اوز، اے ای آر اوز، ای آر اوز، ڈی ای اوز اور بی ایل اوز) اس مدت کے دوران کمیشن کے ماتحت اور ڈیپوٹیشن پر تصور ہوں گے۔ متعلقہ ریاستوں کے چیف سیکرٹریز کو پابند کیا گیا ہے کہ مسودہ فہرست کی اشاعت سے لے کر حتمی اشاعت تک کمیشن کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی متعلقہ افسر کا تبادلہ نہ کیا جائے۔ اگر ناگزیر وجوہات کی بنا پر تبادلہ ضروری ہو تو مکمل جواز کے ساتھ چیف الیکٹورل آفیسر کے توسط سے کمیشن کو تجویز بھیجی جائے۔ اس دوران اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ نظرثانی کے دوران ضلع یا حلقہ سطح پر انتخابی ذمہ داری کا کوئی بھی عہدہ خالی نہ رہے۔ الیکٹورل رجسٹریشن آفیسرز اور بوتھ لیول آفیسرز کے لیے کمیشن نے واضح رہنما اصول وضع کیے ہیں۔ کمیشن نے واضح کیا ہے کہ ووٹر رجسٹریشن کے لیے فارم 6 اور 8 میں آدھار نمبر کی فراہمی خالصتاً رضاکارانہ ہے۔ کسی بھی شہری کا نام آدھار نہ دینے کی وجہ سے ووٹر لسٹ سے خارج نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی اس کی درخواست مسترد ہوگی۔ تمام بی ایل اوز کو غیر واضح، دھندلی یا غیر معیاری تصاویر ہٹا کر ووٹرز کی نئی اور معیاری تصاویر شامل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

لاپتہ ایس پی او کا سراغ لگانے کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ اپنی سرکاری رائفل سمیت لاپتہ ہونے والے ایک اسپیشل پولیس آفیسر (ایس پی او) کی لاش جمعہ کے روز ان کی رہائش گاہ کے قریب سے ملی۔

بقیہ نمبر 10

مجوزہ ہندوستان۔ امریکہ تجارتی معاہدے کے پہلے مرحلے کو حتمی شکل دے دی گئی ہے اور اس کی قانونی دستاویزات تیار کرنے کا عمل جاری ہے۔ چین کے ساتھ ہندوستان کے تجارتی تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ ہندوستانی برآمد کنندگان کو چینی بازار تک رسائی حاصل کرنے میں مسلسل مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان کئی برسوں سے جاری رابطوں کے باوجود بڑھتا ہوا تجارتی عدم توازن اور ہندوستانی مصنوعات پر پابندیاں اہم تشویش کا باعث ہیں۔

بقیہ نمبر 11

اس طرح اس میں 2 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ برآمد کیے جانے والے ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی 16 روپے سے گھٹا کر 8.50 روپے فی لیٹر کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 12

ایجنسی جے کے این ایس کے مطابق 15 اکتوبر کو لکھے گئے خط میں، طارق حمید قرہ نے کہا کہ عوامی طور پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو نے ایک سینئر آئی اے ایس افسر کی طرف سے خاتون ساتھی کے تئیں مبینہ طور پر استعمال کی گئی زبان پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس کے خلاف کارروائی شروع کرنے کی ہدایات کی اطلاع دی ہے۔ طارق حمید قرہ نے لیفٹیننٹ گورنر پر زور دیا کہ وہ حقائق کو قائم کرنے، مکمل ریکارڈنگ کی جانچ کرنے اور اس بات کا تعین کرنے کے لیے ایک منصفانہ اور وقتی انکوائری کا حکم دیں کہ آیا سروس کے کسی اصول یا طرز عمل کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 13

انتظامیہ میں جواب دہی کو یقینی بنایا جانا چاہیے اور کسی کو بھی اپنے عہدے کا غلط استعمال کرتے ہوئے دوسروں کو دھمکانے یا نشانہ بنانے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ یہ تنازعہ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہونے کے بعد شروع ہوا ... 2010 کے آئی اے ایس افسر ...

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

کی صفائی (ڈی سلٹنگ) اور کمزور مقامات پر سیلاب سے بچاؤ کے انفراسٹرکچر اور پشتوں کی مضبوطی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے کہا کہ سیلاب سے بچاؤ کے کاموں کی پیش رفت کی تفصیلی رپورٹ پیش کریں۔ انہوں نے کمزور مقامات پر خصوصی توجہ اور ضروری حفاظتی اقدامات کے بروقت نفاذ پر زور دیا۔ وزیر نے موثر ہم آہنگی، باقاعدہ نگرانی اور رکاوٹوں کے بروقت حل کی اہمیت پر زور دیا تاکہ ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کی جاسکے اور مکمل شدہ منصوبوں کے فوائد بلاتاخیر عوام تک پہنچیں۔

102

پالی کو شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مرمت، تجدید اور دوبارہ استعمال کے ذریعے مواد کی بازیابی کو فروغ دینے کے ساتھ اون اور دستکاری سے متعلق وسائل کے دوبارہ استعمال کے نظام کو بھی ترقی دینے پر زور دیا گیا ہے۔ علاقے کے دشوار گزار جغرافیے اور نقل و حمل سے متعلق مشکلات کو دور کرنے کے لیے پالیسی میں مخصوص علاقائی ویلیو چین کلسٹرز قائم کرنے کا منصوبہ پیش کیا گیا ہے۔ ان کا مقصد مختلف مواد کو جمع کرنے، منتقل کرنے، بازیافت کرنے اور پیداواری مقاصد کے لیے استعمال میں لانے کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ ان کلسٹرز میں شہری علاقوں میں مواد کی بازیابی، سیب اور باغبانی سے حاصل ہونے والے حیاتیاتی مادے، سیاحتی سرکٹس اور دستکاروں کے ذریعے مواد کے دوبارہ استعمال سے متعلق سرگرمیاں شامل ہوں گی۔ اس طرح کچرے کے انتظام کو مقامی اقتصادی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع سے منسلک کیا جائے گا۔ پالیسی میں آئندہ 10 برسوں کے لیے 3,548.7 کروڑ روپے کے تخمینی مالیاتی منصوبے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس کے لیے مرکزی حکومت کی مختلف اسکیموں کے ساتھ وسائل کو یکجا کرنے، توسیعی ذمہ داری پیداوار (ای پی آر) کے نظام، صارفین سے وصول کیے جانے والے چارجز اور سرکاری و نجی شراکت داری کے امکانات سے استفادہ کرنے کی تجویز ہے۔

103

فروخت مراکز کے ذریعے زرعی مصنوعات کو فروغ دینے کی اہمیت اجاگر کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے منڈیوں تک رسائی بہتر بنانے، زرعی کاروبار کی حوصلہ افزائی کرنے اور پیداوار کنندگان و صارفین کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے مرکز کو موثر انداز میں چلانے اور زرعی مصنوعات کی دستیابی و اہمیت کے بارے میں عوامی بیداری بڑھانے کے لیے محکمہ جاتی افسران کے درمیان مربوط کوششوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ یہ اقدام محکمہ زراعت کشمیر کے زرعی شعبے کو فروغ دینے، کسانوں اور کاروباری افراد کی معاونت کرنے اور زرعی پیداوار کی مارکیٹنگ و تشہیر کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اس موقع پر موجود جوائنٹ ڈائریکٹر زراعت (ایکسٹینشن)، جوائنٹ ڈائریکٹر زراعت (ان پٹس) اور دیگر افسران نے اس پہل کو سراہتے ہوئے زرعی مارکیٹنگ کو مضبوط بنانے اور شعبے کی ترقی کے لیے اپنی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

104

ہیں اور امید ظاہر کی کہ ان کی تکمیل کے بعد ان مذہبی مقامات کو جلد ہی عوام اور عقیدت مندوں کے لیے باضابطہ طور پر وقف کیا جائے گا۔ اس موقع پر وقف بورڈ کی چیئرپرسن نے بورڈ کے ترقیاتی مشن کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ جاری اقدامات جموں وکشمیر کے روحانی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ، بحالی اور فروغ کے تئیں بورڈ کے مسلسل عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ ڈاکٹر اندرابی نے کہا، "یہ ہمارے روحانی مراکز کی عظمت رفتہ کی بحالی کا دور ہے۔ وقف بورڈ کا واضح وژن ہے کہ ان مقدس مقامات کی شان و وقار میں اضافہ کیا جائے، جو نسلوں سے ہم آہنگی، روحانیت اور امن کے چراغ روشن کرتے آئے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ان مقامات کی روحانی تقدیس برقرار رکھتے کے ساتھ ساتھ انہیں وہ بنیادی ڈھانچہ اور ضروری سہولیات بھی فراہم کی جائیں جن کے وہ مستحق ہیں۔" انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جموں وکشمیر وقف بورڈ پورے جموں وکشمیر میں مزارات اور مذہبی اداروں کی منظم ترقی، تحفظ اور تزئین و تجدید کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ کی توجہ معیاری بنیادی ڈھانچے کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور خطے کے مشترکہ روحانی ورثے کو مزید مستحکم بنانے پر مرکوز ہے۔

105

شفافیت اور باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کی سہولت اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے عوامی شکایات کا فوری ازالہ کرنے، بجلی کی خرابی سے متعلق شکایات کو بروقت حل کرنے اور بجلی بند ہونے کی صورت میں عوام کو حقیقی وقت میں تازہ صورتحال سے آگاہ رکھنے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے بجلی کے زیادہ بوجھ والے فیڈروں پر دباؤ کم کرنے اور ضلع بھر میں سو فیصد میٹرنگ کا ہدف حاصل کرنے کے لیے کاموں کی تکمیل کا سخت نظام الاوقات مقرر کرنے کی بھی ہدایت دی۔ ڈپٹی کمشنر نے وزیر اعظم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے نفاذ کا جائزہ لیتے ہوئے افسران کو ہدایت دی کہ اس اسکیم کے بارے میں عوامی بیداری کی سرگرمیوں میں تیزی لائی جائے اور زمینی سطح پر کاموں کی رفتار بڑھائی جائے، تاکہ زیادہ سے زیادہ گھرانے شمسی توانائی سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اجلاس میں موسم سرما کے دوران نگرانی، بجلی کے ضیاع اور غیر قانونی استعمال کی روک تھام اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مخصوص ٹیمیں تشکیل دینے کی ہدایت بھی دی گئی، تاکہ لائن لاسز اور بجلی کی غیر قانونی کنڈیاں لگانے جیسے معاملات پر قابو پایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ بجلی کے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے اور عوام کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھنے کی ہدایت دی، تاکہ ضلع بھر میں بجلی کی فراہمی کو بلا رکاوٹ اور عوام کے لیے آسان بنایا جاسکے۔

106

والے مسائل اور رکاوٹوں کا بھی جائزہ لیا۔ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں سے زیر التوا کاموں کی صورتحال، محکموں کے درمیان تال میل اور نفاذ کے دوران درپیش مشکلات دور کرنے کے لیے ضروری اقدامات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے زور دیا کہ منصوبے کے تمام اہم اجزا پر باہمی تال میل کے ساتھ کام کیا جائے تاکہ تاخیر سے بچتے ہوئے ایک مکمل اور قابل استعمال رہائشی سہولت تیار کی جاسکے۔ منصوبے کی بروقت تکمیل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے تعمیراتی ایجنسیوں اور متعلقہ محکموں کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے اور تمام زیر التوا مسائل مقررہ مدت کے اندر حل کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی قابل اجتناب تاخیر کو منصوبے کی تکمیل میں رکاوٹ نہیں بننے دیا جانا چاہیے۔ انہوں نے زیر التوا بنیادی ڈھانچے کے کاموں پر خصوصی توجہ دینے اور جہاں ضرورت ہو وہاں فوری اصلاحی اقدامات کرنے کی بھی ہدایت دی۔ ڈپٹی کمشنر نے مقررہ مدت اور معیار کے مطابق کام مکمل کرنے کے لیے باقاعدہ موقع پر معائنوں، موثر نگرانی اور تعمیراتی پیش رفت کے وقفے وقفے سے جائزے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

107

دستیاب گنجائش کا جائزہ لیں۔ انہوں نے موسم سرما کے دوران بجلی کی طلب میں متوقع اضافے کے پیش نظر پیشگی منصوبہ بندی کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے افسران کو گزشتہ تین برسوں کے دوران بجلی کی اوسط کھپت اور بوجھ سے متعلق اعداد و شمار کا تجزیہ کرنے اور اس کی بنیاد پر ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاریوں سمیت دیگر ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی، تاکہ سردیوں میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ فیلڈ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ بجلی کی ترسیلی لائنوں کے ساتھ درختوں کی شاخوں کی کٹائی کا کام پیشگی مکمل کیا جائے، تاکہ برف باری، تیز ہواؤں اور خراب موسمی حالات کے باعث بجلی کی فراہمی میں رکاوٹوں، لائنوں میں خرابی اور حفاظتی خطرات کو کم کیا جاسکے۔ بجلی واجبات کی 100 فیصد وصولی پر زور محصولات کی وصولی کے معاملے پر ڈپٹی کمشنر نے بجلی کے واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے فیلڈ عملے کو ہدایت دی کہ بجلی کے بلوں کی بروقت ادائیگی اور وصولی کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور بقایاجات کی وصولی کے لیے کوششیں تیز کی جائیں۔ انہوں نے ایگزیکٹیو انجینئروں کو باقاعدگی سے فیلڈ دورے کرنے، بالخصوص صنعتی علاقوں میں بجلی کے واجبات اور محصولات کی وصولی پر خصوصی توجہ دینے اور مکمل وصولی کا ہدف حاصل کرنے کی ہدایت دی۔

108

ماکاریٹیز ڈیولپمنٹ اینڈ فائنانس کارپوریشن (این ایم ڈی ایف سی) کے ذریعے فراہم کئے جانے والے پروگرام اور دیگر متعلقہ سکیمیں شامل تھیں۔ پریزنٹیشن میں ان اقدامات کی طبعی و مالی پیش رفت کے ساتھ ساتھ بنیادی سطح پر مستحقین تک فوائد کی رسائی بہتر بنانے کے لئے کی جانے والی کوششوں کو بھی اجاگر کیا گیا۔ چیئرمین نے اقلیتی کمیونٹیوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کی صورتحال اور متعلقہ محکموں کی جانب سے ان پر کی گئی کارروائی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر شکایات کے بروقت ازالے، مختلف محکموں کے درمیان موثر تال میل اور باقاعدہ فالو اپ پر زور دیا گیا تاکہ حقیقی شکایات کا مناسب طور پر ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔ میٹنگ میں تعلیمی مواقع اور پنجابی زبان کے فروغ سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مزید برآں، میٹنگ میں جموں وکشمیر میں اقلیتی اور مائیگرنٹ کمیونٹیوں کی حفاظت اور تحفظ سے متعلق امور پر بھی غور و خوض کیا گیا۔ اس دوران سکیورٹی صورتحال کی مسلسل نگرانی، حفاظتی اداروں اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان تال میل اور کمزور و حساس کمیونٹیوں کے مسائل کو دور کرنے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں۔

109

اور خود روزگار کے مواقع بڑھانے کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات بے روزگاری کے مسئلے سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام کے مثبت نتائج زمینی سطح پر بھی سامنے آئیں گے اور بالخصوص تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوانوں کو اس سے فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس اقدام کی موثر عمل آوری، مقررہ مدت میں منظوریوں کی فراہمی، شفافیت اور مقامی کاروباری افراد، اسٹارٹ اپس اور چھوٹے کاروباری اداروں کی مسلسل معاونت کو یقینی بنایا جانا چاہیے، تاکہ اس کے فوائد سماج کے ہر طبقے تک پہنچ سکیں۔ ترجمان نے کہا کہ معاشی ترقی کے ساتھ روزگار کی تخلیق کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کاروبار کے لئے سازگار ماحول نہ صرف معیشت کو مضبوط بنائے گا بلکہ عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے، معاشی خوشحالی لانے اور جموں وکشمیر کے نوجوانوں کے لئے روشن مستقبل کی راہیں ہموار کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

110

میں دیرپا ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جیز)، مردم شماری 2027، ضلعی آئی ڈی، وِیج ہم آہنگی، وائبرنٹ ولیج پروگرام دوم اور اسپریشنل ڈسٹرکٹ، بلاکس اور پنچایتوں کا پروگرام شامل ہیں۔ اس کے علاوہ منصوبوں کی نگرانی، شماریاتی سسٹم، شواہد پر مبنی منصوبہ بندی اور ترقیاتی سکیموں کی جانچ پڑتال کو مضبوط بنانے میں محکمہ کے کردار پر بھی بات ہوئی۔ میٹنگ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) اقدامات اور سینٹر فار انوویشن اینڈ ٹرانسفارمیشن ان گورننس (سی آئی ٹی اے جی) کے ذریعے صلاحیت سازی کی سرگرمیوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ مزید برآں، چیف سیکرٹریز کی چھٹی قومی کانفرنس اور ناردرن زونل کونسل آئندہ میٹنگ کی تیاریوں پر بھی بات چیت کی گئی۔ سیکرٹری نے اپنے اختتامی کلمات میں اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی پروگراموں کی موثر عمل آوری اور جموں وکشمیر کی ترقیاتی ترجیحات کے حصول کو یقینی بنانے کے لئے مختلف محکموں کے درمیان بہتر ہم آہنگی، مطلوبہ معلومات کی بروقت فراہمی، منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی اور زیر التوا مسائل کا فوری حل انتہائی ضروری ہے۔

111

سے متعدد مسائل پیش کیے۔ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے تمام شکایات کو توجہ سے سنا اور کئی معاملات پر موقع پر ہی کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ مسائل کے جلد ازالے کے لیے فوری اور ضروری اقدامات کریں۔ عوام کے تئیں جواب دہ اور ذمہ دارانہ حکمرانی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھیں، باقاعدگی سے زمینی سطح پر دورے کریں اور عوام کی حقیقی شکایات کو مقررہ مدت کے اندر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکیموں کے فوائد مستحق افراد تک پہنچنے چاہئیں اور ترقیاتی کاموں کو موثر اور شفاف طریقے سے مکمل کیا جانا چاہیے۔

112

اسی نوعیت کے حفاظتی اقدامات کیے ہیں۔ ان میں شہر خاص کے علاقوں میں واقع نیوزینہ کدل، عالی کدل، اولڈ زینہ کدل، نوا کدل اور صفا کدل کے پل شامل ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد مناسب حفاظتی انتظامات اور مضبوط بنیادی ڈھانچے کے ذریعے راہگیروں اور مسافروں کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قمرواری میں واقع نور جہاں پل پر بھی حفاظتی باڑ لگانے کا کام شروع کیا جا رہا ہے، جسے جلد مکمل کرلیا جائے گا۔ معائنے کے دوران ڈپٹی کمشنر کو بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت مضبوطی اور خوبصورتی کو مدنظر رکھتے ہوئے ساختی فولادی ستونوں پر اسٹین لیس اسٹیل کی چادریں لگائی جا رہی ہیں، جبکہ راہگیروں کے تحفظ کے لیے مختلف سطحوں پر اسٹین لیس اسٹیل کی ریلنگ بھی نصب کی جا رہی ہے۔ منصوبے میں منظور شدہ ساختی ڈیزائن کے مطابق زیادہ مضبوطی کے حامل سات تاروں والے پیش تناؤ؟ فولادی تاروں کی فراہمی اور تنصیب بھی شامل ہے، جو حفاظتی ریلنگ اور باڑ کے نظام کو سہارا دیں گے۔ اس کے علاوہ پل کے دونوں اطراف ریلنگ اور حفاظتی باڑ کے ساتھ روشنی کا انتظام بھی کیا جا رہا ہے، تاکہ رات کے وقت بہتر طور پر نظر آنے کے ساتھ پل کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہو۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میر امتیاز الحق، چیف پلاننگ افسر فیاض احمد ڈار، آئی اے ایس زیر تربیت افسر سائی کرن، سپرنٹنڈنگ انجینئر محکمہ تعمیرات عامہ تطہیر منظور، ایگزیکٹو انجینئر محکمہ تعمیرات عامہ خالد محمود، ایگزیکٹو انجینئر کے پی ڈی سی ایل تصدق بیگ، تحصیلدار جنوبی سجاد رسول شاہ اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

113

اطلاعاتی بورڈ کی تنصیب سے ضلع کولگام کو بحیثیت سیاحتی نقشے پر نمایاں کرنے میں مدد ملے گی۔ اس اقدام کے ذریعے اہربل کو ایک پرسکون، ثقافتی اعتبار سے مالا مال، سیاحوں کے لیے سازگار مقام کے طور پر فروغ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو افسر اہربل ڈیولپمنٹ اتھارٹی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

ارشدیپ کا کھیلنا مشکوک، بھونیشور ٹیم میں شامل

بنگلورو، ۱۶ اکتوبر (یو این آئی) ویسٹ انڈیز کے خلاف پانچویں اور فیصلہ کن ٹی ٹوئنٹی میچ میں تیز گیند باز ارشدیپ سنگھ کی شرکت مشکوک ہے۔ ہندوستان نے تجربہ کار تیز گیند باز بھونیشور کمار کو ٹیم میں شامل کیا ہے۔ ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے بدھ کو بتایا کہ ارشدیپ میچ کھیلیں گے یا نہیں، اس کا فیصلہ میچ سے قبل ان کی فٹنس اور ریکوری کو دیکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ پانچواں ٹی ٹوئنٹی جمعہ کو یہاں ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ پانچ میچوں کی سیریز فی الحال ۲-۲ سے برابر ہے۔ بدھ کو چوتھے ٹی ٹوئنٹی کے دوران بائیں ہاتھ کے تیز گیند باز ارشدیپ سنگھ کے گیند بازی والے کندھے میں چوٹ لگ گئی تھی، جس کے بعد سلیکشن کمیٹی نے متبادل کے طور پر بھونیشور کو ٹیم میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھونیشور کی شمولیت سے ہندوستان کو اہم مقابلے سے قبل تیز گیند بازی میں ایک تجربہ کار متبادل مل گیا ہے۔ ۳۶ سالہ بھونیشور کو ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں وسیع بین الاقوامی تجربہ حاصل ہے۔ وہ نئی گیند کو سوئنگ کرانے اور ڈیتھ اوورز میں مختلف انداز سے موثر گیند بازی کے لیے جانے جاتے ہیں۔ ۱۶ رکنی ہندوستانی ٹیم کی کپتانی شریس ایئر کر رہے ہیں جبکہ تلک ورما نائب کپتان ہیں۔ ٹیم میں ابھیشیک شرما، ویشنو سوریہ ونشی، ایشان کشن، سنجو سیمسن، شیوم دوبے، کلدیپ یادو، اکشر پٹیل، روی بشنوئی، نتیش کمار ریڈی، ارشدیپ سنگھ، پرنس یادو، میانک یادو، محسن ویر اور بھونیشور کمار شامل ہیں۔ سیریز ۲-۲ سے برابر ہونے کے باعث جمعہ کو ہونے والا مقابلہ ہی فاتح کا فیصلہ کرے گا۔ ہندوستانی ٹیم ارشدیپ کی فٹنس اور چناسوامی اسٹیڈیم کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی گیند بازی کا حتمی کمبی نیشن طے کرے گی۔ یہ اعلان بی سی سی آئی کے اعزازی سکریٹری دیوجیت سائکیا نے کیا۔ ارشدیپ سنگھ ہندوستانی کرکٹ کے ان باصلاحیت تیز گیند بازوں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی محنت، مستقل مزاجی اور بہترین کارکردگی کے ذریعے بہت کم وقت میں ایک نمایاں مقام حاصل کیا۔ خاص طور پر محدود اوورز کی کرکٹ میں ان کی کامیابی نے انہیں ہندوستانی ٹیم کے اہم کھلاڑیوں میں شامل کر دیا ہے۔ گیند کو درست نشانے پر ڈالنے، مشکل حالات میں وکٹیں حاصل کرنے اور آخری اوورز میں دباؤ کے باوجود بہتر بولنگ کرنے کی صلاحیت نے انہیں دنیا بھر کے کرکٹ شائقین میں مقبول بنایا ہے۔ ارشدیپ سنگھ ۵ فروری ۱۹۹۹ کو پنجاب کے شہر گورداس پور میں پیدا ہوئے۔ انہیں بچپن ہی سے کرکٹ سے دلچسپی تھی اور وقت کے ساتھ یہ دلچسپی ایک مضبوط خواب میں تبدیل ہو گئی۔ کرکٹ کے میدان میں آگے بڑھنے کے لیے انہوں نے مسلسل محنت کی اور اپنی بولنگ کی صلاحیت کو بہتر بنانے پر توجہ دی۔

الکاراز نے وائلڈ کارڈ قبول کیا

میڈرڈ، 16 اکتوبر (یو این آئی) اسپین کے اسٹار ٹینس کھلاڑی کارلوس الکاراز اس ماہ کے آخر میں ویانا میں ہونے والے 'ایرسٹے بینک اوپن' میں حصہ لیں گے۔ انہوں نے اس اے ٹی پی 500 مقابلے میں شرکت کے لیے وائلڈ کارڈ قبول کر لیا ہے۔ پی آئی ایف اے ٹی پی رینکنگ میں تیسرے نمبر پر موجود الکاراز 2021 کے بعد پہلی بار ویانا واپس آ رہے ہیں۔ اس وقت 18 سالہ الکاراز نے ٹورنامنٹ میں اپنے پہلے مقابلے میں اینڈی مرے کو شکست دے کر سیمی فائنل تک رسائی حاصل کی تھی، جہاں انہیں بالآخر چیمپئن بننے والے الیگزینڈر زویریو کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ رولیکس شنگھائی ماسٹرز کے تیسرے دور سے باہر ہونے کے بعد 23 سالہ الکاراز کا 2026 کے سیزن میں جیت اور ہار کا ریکارڈ 33-5 ہے۔

مارٹینیز نے معافی مانگی

مانچسٹر، 16 اکتوبر (ایجنسی)۔ مانچسٹر یونائیٹڈ کے دفاعی کھلاڑی لیسانڈرو مارٹینیز نے چیمپئنز لیگ میں ایٹلیٹکو میڈرڈ کے خلاف شکست کے بعد کلب کے اعلیٰ حکام پر تنقید کرنے کے حوالے سے جمعرات کو معافی مانگ لی۔ انہوں نے یہ معافی ہیڈ کوچ مائیکل کیریک اور کلب کے سینئر عہدیداروں سے ملاقات کے بعد مانگی۔ مارٹینیز نے منگل کو 2-0 سے شکست کے بعد کہا تھا کہ اعلیٰ سطح پر مقابلہ کرنے کے لیے کلب کو مزید سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت ہے۔ تربیتی سیشن کے بعد مارٹینیز نے کیریک اور کلب حکام سے بات چیت کی۔ اس کے بعد ان کا دوسرا عوامی بیان آیا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر کہا کہ بات چیت مثبت رہی اور اس دوران منگل کے میچ کے بعد پیش آنے والے واقعات پر کھل کر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مارٹینیز نے اپنے بیان میں کہا، "آج میں نے کلب کی قیادت اور ہیڈ کوچ سے ملاقات کی۔ یہ بات چیت بہت مثبت رہی، جس میں ہم اپنے خیالات کا تبادلہ کرنے اور منگل کے میچ کے بعد پیش آنے والے واقعات پر کھل کر بات کرنے میں کامیاب رہے۔"

کرکٹ کا چوتھا فارمیٹ 'ٹیسٹ ٹوئنٹی' سری لنکا میں شروع ہو رہا ہے

ممبئی / کولمبو، ۱۶ اکتوبر (یو این آئی) کرکٹ کی تاریخ میں ۱۸۰ اوورز کے فارمیٹ پر مبنی دنیا کا پہلا مکسڈ جینڈر (لڑکے اور لڑکیاں) کرکٹ ٹورنامنٹ، 'ٹیسٹ ٹوئنٹی'، ۱۳ نومبر کو کولمبو کے ایس ایس سی میں شروع ہوگا۔ اس میں ۱۹۰ لڑکے اور لڑکیاں حصہ لیں گے، جن کا اسکور بورڈ ایک ہی ہوگا۔ اس ٹورنامنٹ میں پہلی بار ایک ٹاس سے ۲ باتوں کا فیصلہ ہوگا۔ پہلی یہ کہ کون سی ٹیم پہلے بلے بازی کرے گی اور دوسری یہ کہ پہلے لڑکیاں کھیلیں گی یا لڑکے۔ لڑکیاں لڑکیوں کے خلاف کھیلیں گی اور لڑکے لڑکوں کے خلاف۔ جو بھی ٹیم پہلے بلے بازی کرے گی، اس کے رن رات تک مجموعی اسکور میں شامل ہوتے رہیں گے اور آخر میں دونوں کے کل اسکور سے ہی جیت کا فیصلہ ہوگا۔ لڑکیوں کے رن لڑکوں کے میچ کا نتیجہ طے کریں گے اور لڑکوں کے رن لڑکیوں کے میچ کا۔ کرکٹ کی تاریخ میں ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا۔ گزشتہ تقریباً ۱۵۰ برسوں سے کرکٹ کے ۳ فارمیٹ رہے ہیں، ٹیسٹ کرکٹ، ایک روزہ اور ٹی ۲۰۔ اب ۱۳ نومبر کو چوتھا فارمیٹ سامنے آئے گا۔ ٹیسٹ ٹوئنٹی کا پہلا سیزن سری لنکا کے کولمبو میں واقع سنگھالیز اسپورٹس کلب (ایس ایس سی) میں ۱۳ سے ۲۹ نومبر تک کھیلا جائے گا، جبکہ ۳۰ نومبر کو اضافی دن کے طور پر رکھا گیا ہے۔ دنیا بھر سے منتخب کیے گئے ۱۳ سے ۱۹ سال کی عمر کے ۱۹۰ نوجوان کرکٹرز ۶ بڑی عالمی ٹیموں میں تقسیم ہو کر کولمبو پہنچیں گے۔ یہ پہلا ایسا ٹورنامنٹ ہوگا جس میں ایک ہی ٹیم کے لیے لڑکیوں کی ۱۱ رکنی ٹیم اور لڑکوں کی ۱۱ رکنی ٹیم کھیلیں گی اور ان کے رن مل کر ایک مشترکہ نتیجہ طے کریں گے۔ سری لنکا نے گزشتہ ۱۰۰ سال میں نوجوانوں کی کرکٹ کی ایسی ثقافت تیار کی ہے جس کا مقابلہ کوئی دوسرا ملک نہیں کر سکتا۔ نومبر سے یہ ملک دنیا کے اس نئے نوجوان کرکٹ فارمیٹ کی جائے پیدائش بن جائے گا۔ ۸۰ اوور، ۲ گیندیں، کچھ بھی دوبارہ صفر سے شروع نہیں ہوتا۔ ٹیسٹ ٹوئنٹی کا ہر میچ ایک ہی دن میں کھیلا جاتا ہے۔ دونوں ٹیمیں ۲-۲ بار بلے بازی کرتی ہیں۔ پہلے ۴۰ اوور سفید لباس میں، سرخ گیند سے اور دن کی روشنی میں کھیلے جاتے ہیں۔ باقی ۴۰ اوور رنگین لباس میں، سفید گیند سے اور ایس ایس سی کی فلڈ لائٹس کے نیچے کھیلے جاتے ہیں۔ یہ پہلی بار ہوگا جب ایک ہی میچ میں سرخ اور سفید دونوں گیندوں کا استعمال کیا جائے گا۔ پہلے نصف کے اسکور دوسرے نصف میں شامل ہوتے رہیں گے۔ دن میں بنائے گئے رن رات میں بھی اہمیت رکھتے ہیں۔ رات ہونے تک نتیجہ سامنے آ جاتا ہے۔

کھیل وزارت نے قومی کھیل فیڈریشنوں کے لیے مالی امداد کی نظرثانی شدہ گائیڈ لائنز جاری کیں



نئی دہلی، 16 اکتوبر (یو این آئی) مرکزی وزارت کھیل نے قومی کھیل فیڈریشنوں (این ایس ایف) کو مالی امداد فراہم کرنے کی نظرثانی شدہ اسکیم کے لیے آپریشنل گائیڈ لائنز جاری کر دی ہیں۔ حکومت نے مالی سال 2026-27 سے 2030-31 تک اس اسکیم کو جاری رکھنے کی منظوری دی ہے، جس کے لیے 7,386.74 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ اسکیم اولمپک، ایشین گیمز، کامن ویلتھ گیمز، پیرالمپکس اور عالمی چیمپئن شپ جیسے بڑے بین الاقوامی مقابلوں کی تیاری میں ہندوستانی کھلاڑیوں کی مدد کا اہم ذریعہ ہوگی۔ اس کے تحت قومی کوچنگ کیمپ، اکیڈمی میں تربیت، رہائش، کھیلوں کا سامان، انشورنس، اسپورٹس سائنس خدمات، غیر ملکی کوچز اور دیگر معاون عملے کی سہولت، بین الاقوامی تربیت و مقابلوں میں شرکت، قومی چیمپئن شپ اور گراس روٹ و جونیئر کھلاڑیوں کی ترقی شامل ہے۔ نظرثانی شدہ اسکیم میں طویل مدتی کھیلوں کے وژن، 2036 اولمپک بولی اور 2030 کامن ویلتھ گیمز کی تیاریوں کے مطابق کئی نئے اقدامات شامل کیے گئے ہیں۔ ہندوستان میں بین الاقوامی کھیل مقابلوں کی میزبانی کے لیے این ایس ایف کو کھلاڑیوں اور شریک ممالک کی تعداد کی بنیاد پر 50 کروڑ روپے تک کی مالی مدد دی جا سکے گی۔

18 اکتوبر کو دہلی ہاف میراتھن کا انعقاد

نئی دہلی، ۱۶ اکتوبر (یو این آئی) قومی راجدھانی میں جاری مظاہروں کے باوجود دہلی ہاف میراتھن ۱۸ اکتوبر کو مقررہ پروگرام کے مطابق منعقد ہوگی۔ منتظمین نے شرکا کی حفاظت اور سہولت کے پیش نظر ریس کے روٹ اور دیگر انتظامات میں تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔ سب سے بڑی تبدیلی اوپن ۱۰ کے دوڑ میں کی گئی ہے، جو اب پارلیمنٹ مارگ کے بجائے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم سے صبح ۵:۳۰ بجے شروع ہوگی۔ نئے نقطہ آغاز کے مطابق ریس کے روٹ میں بھی تبدیلی کی گئی ہے۔ منتظمین نے سوشل میڈیا پر بتایا کہ ہاف میراتھن کے روٹ میں تبدیلی آخری تیاریوں کے تحت کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے تاکہ رنرز کی حفاظت، ریس کے دن کے تجربے اور عام لوگوں کی سہولت کو یقینی بنایا جا سکے۔ دہلی میٹرو ریل کارپوریشن (ڈی ایم آر سی) اتوار کو صبح ۳:۳۰ بجے ٹرین سروس شروع کرے گا تاکہ رنرز وقت پر جواہر لال نہرو اسٹیڈیم پہنچ سکیں۔

بلائنڈ فٹبال ٹیم کی ایشین پیرا گیمز میں مہم شروع

نئی دہلی، ۱۶ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی پیرا ایتھلیٹس، پیرا ٹیبل ٹینس کھلاڑیوں اور بلائنڈ فٹبال کی مردوں کی ٹیم نے جمعہ کو ایشین پیرا گیمز ۲۰۲۶ میں اپنی مہم کا آغاز کیا۔ ایشین پیرا گیمز میں اس بار ۱۹۸ رکنی ہندوستانی دستہ حصہ لے رہا ہے، جس میں ۱۱۲ مرد اور ۸۶ خواتین شامل ہیں۔ دستے کے ۱۳۷ ایتھلیٹس ٹارگٹ اولمپک پوڈیم اسکیم (ٹاپس) جبکہ ۳۳ کھیلو انڈیا ایتھلیٹس پروگرام کا حصہ ہیں۔ ۹۱ کھلاڑی پہلی بار ان کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ ہندوستانی حکومت نے ۱۱ کھیلوں کے ایتھلیٹس کی تیاری کے لیے مختلف مراکز پر قومی کوچنگ کیمپ منعقد کیے۔ پیرا تیر اندازوں کے لیے جاپان کے دورے سے پہلے آرچری سینٹر میں ستمبر اور اکتوبر کے دوران بین الاقوامی کیمپ بھی لگایا گیا۔ ملک میں پیرا تیر اندازوں نے سونی پت میں اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (سائی) کے علاقائی مرکز میں تربیت حاصل کی، جبکہ گاندھی نگر میں پیرا ایتھلیٹکس اور پیرا پاور لفٹرز کے لیے کیمپ منعقد کیے گئے۔ پیرا ایتھلیٹس نے نئی دہلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم، سائی سونی پت اور بنگلورو کے سائی علاقائی مرکز میں قومی کوچنگ کیمپوں میں حصہ لیا۔ پیرا شوٹرز کے لیے ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں، بلائنڈ فٹبال کھلاڑیوں کے لیے کوچی میں اور بلائنڈ جوڈو ایتھلیٹس کے لیے لکھنؤ میں کیمپ لگائے گئے۔ نئی دہلی کے سائی آئی جی اسٹیڈیم کا سائیکلنگ ویلوڈروم پیرا سائیکلنگ کے کھلاڑیوں کے لیے تربیتی مرکز رہا۔ ہندوستان آیچی-ناگویا گیمز میں پیرا ایتھلیٹکس، پیرا تیر اندازی، پیرا بیڈمنٹن، پیرا ٹیبل ٹینس، بوچیا، بلائنڈ فٹبال، پیرا سائیکلنگ، بلائنڈ جوڈو، پیرا پاور لفٹنگ، پیرا شوٹنگ اور پیرا سوئمنگ میں حصہ لے رہا ہے۔ افتتاحی تقریب ۱۸ اکتوبر کو ہوگی۔

ہندوستانی مرد ٹیم میزبانی کرے گی

نئی دہلی، 16 اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی مرد اور خواتین ہاکی ٹیمیں ایف آئی ایچ پرو لیگ 2026-27 میں حصہ لیں گی۔ دونوں ٹیمیں ہوم اور اوے مرحلوں میں مجموعی طور پر 16-16 میچ کھیلیں گی۔ ہندوستانی مرد ٹیم فروری میں اپنے ہوم گراؤنڈ پر سیزن کا آغاز کرے گی اور 13 سے 28 فروری کے درمیان آٹھ میچ کھیلے گی، تاہم مقامات کا اعلان ابھی نہیں کیا گیا ہے۔ ہرمن پریت سنگھ کی قیادت والی ٹیم جرمنی، ارجنٹینا، برطانیہ اور اسپین کے خلاف دو دو میچ کھیلے گی۔ اس کے بعد یورپ میں جرمنی میں چار، نیدرلینڈز میں دو اور بیلجیم میں دو میچ کھیلے گی۔ خواتین کی ٹیم ایک سیزن کے وقفے کے بعد ٹاپ ڈویژن میں واپس آئے گی۔ سلیمہ ٹیٹے کی قیادت والی ٹیم جنوبی امریکہ میں ارجنٹینا اور جرمنی کے خلاف دو دو میچ کھیلے گی، جس کے بعد ہوم گراؤنڈ پر برطانیہ اور اسپین کی میزبانی کرے گی۔ خواتین ٹیم کی ہوم میزبانی میں چار میچ شامل ہوں گے۔

کومل کانسے کا تمغہ جیتا



لاس ویگاس، 16 اکتوبر (یو این آئی) ہندوستان کی کومل نے انڈر-23 عالمی کشتی چیمپئن شپ میں خواتین کے 59 کلوگرام زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا، جبکہ امرتا پجاری نے دو 'پن فال' کامیابیوں کے ساتھ 72 کلوگرام زمرے کے فائنل میں جگہ بنائی۔ کومل نے کانسے کے تمغے کے مقابلے میں قازقستان کی دکوریہ خوسانووا کو 2-7 سے شکست دے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس سے قبل کینیڈا کی ایلا فلیمنگ کے خلاف ان کا مقابلہ 1-1 سے برابر رہا تھا، جس کے بعد 'کرائٹیریا' کے اصول کے تحت کومل کو فاتح قرار دیا گیا۔ اس کے بعد انہوں نے مالدووا کی میہائیلا پرپیا کو 3-8 سے شکست دی۔ سیمی فائنل میں یوکرین کی اناستاسیا ویچ نے تکنیکی برتری کی بنیاد پر کامیابی حاصل کی، جس کے بعد کومل کو کانسے کے تمغے کے مقابلے میں اترنا پڑا۔ مہاراشٹر کے سولاپور کی پہلوان امرتا پجاری طلائی تمغے کے مقابلے میں یوکرین کی ایرینا زیلونسکا سے مقابلہ کریں گی۔ انہوں نے قازقستان کی سیبر زانو داوا کو 'پن فال' سے شکست دے کر مہم کا آغاز کیا اور سیمی فائنل میں چین کی ڈین جن کو بھی 'پن فال' سے ہرایا۔ سیبر زانو داوا کے خلاف ہندوستانی پہلوان نے 7-1 کی برتری حاصل کرنے کے بعد 'پن فال' سے مقابلہ جیتا۔ چین کے خلاف پجاری 8-10 سے آگے تھیں، اسی دوران انہوں نے فیصلہ کن 'پن' حاصل کر کے فائنل میں جگہ پکی کر لی۔

ملک کی نمائندگی کا موقع ہر کسی کو نہیں ملتا: روہت

ممبئی، ۱۶ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان روہت شرما نے کہا ہے کہ ملک کی نمائندگی کرنے کا موقع ہر کسی کو نہیں ملتا، اس لیے جب یہ موقع ملے تو کھلاڑی کو اپنی پوری صلاحیت اور توانائی میدان میں جھونک دینی چاہیے۔ 'پینل فل ہاؤس' میں روہت شرما پروگرام میں میزبانی کرنے والے دیپک سے بات چیت کے دوران روہت نے بنگلہ دیش میں کھیلے گئے ایک میچ کا واقعہ بیان کیا، جب ان کے انگوٹھے پر گیند لگی تھی اور انہیں میدان سے باہر جانا پڑا تھا، لیکن چوٹ کے باوجود وہ دوبارہ کھیلنے میدان میں اترے تھے۔ روہت نے کہا، 'دیکھیں سیدھی سی بات ہے، ملک کے لیے کھیلنے کا موقع سب لوگوں کو نہیں ملتا۔ جب آپ کے پاس یہ موقع ہو تو آپ کو اپنے اندر کی ہر صلاحیت سامنے رکھ دینی چاہیے۔ آپ کے اندر جتنی بھی طاقت ہے، سب کچھ میدان میں دے دینا چاہیے۔' انہوں نے کہا کہ جب بھی وہ ملک کی نمائندگی کرتے ہیں تو ان کے ذہن میں صرف ایک ہی بات ہوتی ہے کہ میچ کیسے جیتا جائے۔ روہت نے کہا، 'میچ جیتنے کے لیے اگر کچھ کرنا پڑے تو ہم ایک بار، دو بار یا تین بار نہیں سوچتے، بس وہ کام کر دیتے ہیں۔' انگوٹھے پر گیند لگنے کے باوجود دوبارہ میدان میں اترنے کے بارے میں روہت نے کہا، 'انگوٹھے پر ہی تو گیند لگی تھی، ایسی کون سی بات تھی جس کی وجہ سے میں میدان میں جا کر نہیں کھیل سکتا تھا۔ یہ سب چیزیں ہماری زندگی میں ہوتی رہتی ہیں۔' روہت کے اس جواب نے ہندوستانی کرکٹر کے طور پر ملک کی نمائندگی کے تئیں ان کے عزم اور جذبے کی عکاسی کی۔ پروگرام میں ہونے والی گفتگو نے کھیل کے بارے میں ان کی سوچ اور مضبوط عزم کی بھی جھلک پیش کی۔

روہت شرما نے چہل کو عالمی کپ کی ٹیم سے باہر کیوں رکھا تھا؟

نئی دہلی، ۱۶ اکتوبر (و س)۔ ہندوستانی لیگ اسپنر یوزویندر چہل نے ۲۰۲۳ میں ہندوستان کی سرزمین پر کھیلے گئے ون ڈے عالمی کپ کے لیے قومی ٹیم میں منتخب نہ کیے جانے کے حوالے سے ایک اہم انکشاف کیا ہے۔ چہل کے مطابق، اس وقت ہندوستانی ٹیم کے کپتان روہت شرما نے انہیں واضح طور پر بتایا تھا کہ ٹیم مینجمنٹ آٹھویں نمبر تک بلے بازی کرنے کی صلاحیت رکھنے والے کھلاڑیوں کو ٹیم میں شامل کرنا چاہتی ہے۔ اس کے علاوہ ٹیم ایک اضافی تیز گیند باز کو بھی اپنے ساتھ رکھنے کے حق میں تھی۔ محدود اوورز کی کرکٹ میں ہندوستان کے کامیاب ترین اسپن گیند بازوں میں شمار ہونے والے چہل نے سابق ہندوستانی اوپنر آکاش چوپڑا کے ساتھ گفتگو کے دوران عالمی کپ کی ٹیم سے باہر رہنے کی وجوہات بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ ۲۰۲۳ میں کاؤنٹی کرکٹ کھیلنے گئے تھے، تب روہت شرما نے ان سے ٹیم کی ترتیب اور حکمت عملی کے حوالے سے بات کی تھی۔ چہل نے کہا، "۲۰۲۳ میں، جب میں کاؤنٹی کرکٹ کھیلنے گیا تھا، تب روہت نے مجھے بتایا تھا کہ ہم آٹھویں نمبر تک بلے بازی کرنے والے کھلاڑی چاہتے ہیں، اس لیے ہم اپنی ٹیم اسی حساب سے تیار کر رہے ہیں۔ انہوں نے مجھے واضح طور پر بتایا تھا کہ وہ عالمی کپ کے لیے ایک اضافی تیز گیند باز کی بھی تلاش کر رہے ہیں۔ اس طرح مجھے پوری بات سمجھا دی گئی تھی۔ عالمی کپ کے بعد میں نے ٹیم میں انتخاب کے بارے میں سوچنا ہی چھوڑ دیا۔ چہل نے اگست ۲۰۲۳ کے بعد کوئی ٹی ۲۰ بین الاقوامی میچ نہیں کھیلا، اس کے باوجود انہیں ۲۰۲۴ کے ٹی ۲۰ عالمی کپ کے لیے ہندوستانی ٹیم میں جگہ دی گئی۔ تاہم، پورے ٹورنامنٹ کے دوران وہ متبادل کھلاڑیوں کے ساتھ میدان سے باہر بیٹھے رہے اور انہیں ایک بھی میچ کھیلنے کا موقع نہیں ملا۔ اس کے بعد چہل نے آئی پی ایل ۲۰۲۴ میں اپنی کارکردگی سے سلیکٹروں کی توجہ حاصل کی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سیزن میں انہوں نے خود پر اضافی دباؤ ڈالنے کے بجائے کھیل سے لطف اندوز ہونے پر توجہ مرکوز کی۔ ان کی اچھی کارکردگی کے بعد روہت شرما نے بھی انہیں ٹیم میں شامل کرنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ چہل نے کہا، "آئی پی ایل ۲۰۲۴ میں، میں صرف کھیل سے لطف اندوز ہونے کے لیے میدان میں اترا تھا اور خود پر کوئی اضافی دباؤ نہیں ڈالا تھا۔ اس سیزن میں میری کارکردگی اچھی رہی اور روہت نے مجھ سے کہا کہ وہ مجھے ٹیم میں چاہتے ہیں اور انتخابی میٹنگ میں اس معاملے پر غور کریں گے۔ چہل نے ۲۰۱۶ میں بین الاقوامی کرکٹ میں قدم رکھا تھا۔ اب تک وہ ۸۰ ٹی ۲۰ بین الاقوامی میچوں میں ۹۶ وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔ اس کے باوجود انہیں ۲۰۲۱ اور ۲۰۲۲ کے ٹی ۲۰ عالمی کپ، ۲۰۲۳ کے ون ڈے عالمی کپ اور ۲۰۲۶ کے ٹی ۲۰ عالمی کپ میں کھیلنے کا موقع نہیں ملا۔ عالمی کپ سے وابستہ اپنے تجربات بیان کرتے ہوئے چہل نے کہا کہ ٹیم میں جگہ ہی نہ ملنا ان کے لیے اس بات سے زیادہ تکلیف دہ تھا کہ ٹیم میں شامل ہونے کے باوجود انہیں میچ کھیلنے کا موقع نہ ملے۔ انہوں نے ۲۰۲۱ اور ۲۰۲۲ کے ٹی ۲۰ عالمی کپ کا ذکر کرتے ہوئے اپنے احساسات کا اظہار کیا۔ چہل نے کہا، "مجھے ۲۰۲۱ میں زیادہ برا لگا تھا، کیونکہ میں ٹیم میں شامل ہی نہیں تھا۔ ۲۰۲۲ میں کم از کم میں ٹیم کا حصہ تو تھا۔

آرسنل مسلسل پریمیئر لیگ کا خطاب جیتے گا

ممبئی، 16 اکتوبر (و س)۔ انگلش پریمیئر لیگ میں آرسنل کی خطاب جیتنے کی کامیابی کے بعد ہندوستانی کرکٹر اور کلب کے پرانے مداح آوجیہ تارے کا ماننا ہے کہ ٹیم مسلسل دوسری بار بھی چیمپئن بن سکتی ہے۔ تارے نے کہا کہ مانچسٹر سٹی کے غلبے کے دور میں آرسنل کی حمایت کرنے والے مداحوں کے لیے خطاب جیتنے کے بعد اب اپنی ٹیم کی کامیابیوں پر فخر کرنے اور حریف ٹیموں کے مداحوں کے ساتھ ہنسی مذاق کرنے کا موقع ہے۔ جیو اسٹار کو دیے گئے ایک انٹرویو میں آوجیہ تارے نے ممبئی میں جاری پریمیئر لیگ ٹرافی ٹور کے دوران ٹرافی کو قریب سے دیکھنے کے اپنے تجربے کو خواب پورا ہونے کے مترادف قرار دیا۔ انہوں نے آرسنل کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلق، مانچسٹر سٹی کے مداح اور ساتھی کرکٹ تجزیہ کار ابھیشیک نائر کے ساتھ ہونے والی نوک جھونک، نیز ٹیم کے مسلسل دوسری بار چیمپئن بننے کے امکانات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تارے نے کہا کہ وہ بچپن سے ہی آرسنل کی حمایت کرتے آ رہے ہیں۔ انہوں نے 2003تا2004 کے اس تاریخی سیزن کو بھی یاد کیا، جب آرسنل نے ایک بھی میچ ہارے بغیر پریمیئر لیگ کا خطاب جیتا تھا۔ اس ٹیم کو 'ان وِنسیبلز' (ناقابلِ شکست) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا، "بچپن سے آرسنل کا مداح ہونے کے ناطے اس ٹرافی کے سامنے کھڑا ہونا میرے لیے خواب پورا ہونے جیسا ہے۔ 2003تا2004 میں ٹیم نے ایک بھی میچ ہارے بغیر خطاب جیتا تھا۔ اس کے بعد اگلا خطاب جیتنے کے لیے طویل انتظار کرنا پڑا۔ ٹیم کئی مرتبہ خطاب کے انتہائی قریب پہنچی، لیکن کامیابی نہیں ملی۔ بالآخر خطاب جیتنے کے بعد بڑی راحت محسوس ہوئی۔ اب 22 سال بعد ٹرافی کو اپنے سامنے دیکھنا اور یہ احساس کرنا کہ کلب اور اس کے مداحوں کے لیے اس کی کتنی اہمیت ہے، ایک انتہائی خاص تجربہ ہے۔ مجھے اپنی ٹیم پر فخر ہے۔

پیرا ٹیبل ٹینس کھلاڑیوں کا شاندار آغاز

نئی دہلی، 16 اکتوبر (یو این آئی) ٹوکیو پیرا لمپکس کی چاندی کا تمغہ فاتح بھاوینا پٹیل نے جمعہ کو ایشین پیرا گیمز میں فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے خواتین کے پیرا ٹیبل ٹینس مقابلے میں کویت کی اسد الراشدی کو سیدھے گیمز میں شکست دی۔ بھاوینا نے خواتین سنگلز کلاس 5-4 گروپ اے کے میچ میں 0-3 سے کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے تینوں گیمز 6-11، 3-11 اور 6-11 سے جیتے۔ بیبی سہانا راوی نے بھی خواتین سنگلز کلاس 9 گروپ بی میں ویتنام کی تھی ہوا ٹرونگ نوین کو 0-3 سے شکست دی۔ سہانا نے 6-11، 5-11 اور 4-11 سے کامیابی حاصل کی۔ مردوں کے مقابلوں میں تسبیم داوِ دوا نے کلاس 3 گروپ کے اپنے پہلے میچ میں نیپال کے کیشو تھاپا کو 0-3 سے شکست دی۔ انہوں نے 6-11، 4-11 اور 9-11 سے کامیابی حاصل کی۔ جہان مدن نے بھی ہندوستان کے لیے کامیابی حاصل کرتے ہوئے مردوں کے سنگلز کلاس 1 گروپ میچ میں ہم وطن صندیپ ڈانگی کو 1-3 سے شکست دی۔ پیرا ٹیبل ٹینس میں کھلاڑیوں کی درجہ بندی ان کی جسمانی معذوری کی نوعیت اور شدت کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ کلاس 1 سے 5 تک وہیل چیئر استعمال کرنے والے کھلاڑی شامل ہوتے ہیں، جبکہ کلاس 9 میں کھڑے ہو کر کھیلنے والے ایسے کھلاڑی شامل ہیں جن کی جسمانی معذوری کھیلنے والے ہاتھ یا ٹانگوں کو متاثر کرتی ہے۔ ایشین پیرا گیمز میں اس بار 168 رکنی ہندوستانی دستہ حصہ لے رہا ہے۔

ٹی ٹوئنٹی سیریز کے فیصلہ کن میچ پر بارش کا سایہ

بنگلورو، ۱۶ اکتوبر (یو این آئی) ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں ہفتہ کو ہندوستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہونے والے پانچویں اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ پر بارش اور گرج چمک کا خطرہ منڈلا رہا ہے۔ پانچ میچوں کی سیریز اس وقت ۲-۲ سے برابر ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہفتہ کو بنگلورو میں آسمان ابر آلود رہنے اور ایک دو مرتبہ بارش یا گرج کے ساتھ بوندا باندی کا امکان ہے۔ درجہ حرارت ۲۰ سے ۲۹ ڈگری سیلسیس کے درمیان رہنے کی توقع ہے۔ موسم کی پیش گوئی کے مطابق دوپہر اور شام کے وقت بارش کا امکان زیادہ ہے، جس میں شام ۷ بجے میچ شروع ہونے کا مقررہ وقت بھی شامل ہے۔ بارش کے باعث میچ شروع ہونے میں تاخیر، کھیل میں خلل یا اوورز میں کمی ہو سکتی ہے۔ تاہم، اگر بارش کم وقت کے لیے ہوتی ہے تو اسٹیڈیم کا جدید ڈرینیج نظام پانی تیزی سے باہر نکال کر میدان کو جلد کھیل کے لیے تیار کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ ویسٹ انڈیز نے حیدرآباد میں کھیلے گئے چوتھے ٹی ٹوئنٹی میں ہندوستان کو ۲۴ رنز سے شکست دے کر سیریز ۲-۲ سے برابر کر دی تھی۔ شائی ہوپ کی سنچری نے ویسٹ انڈیز کو فیصلہ کن مقابلے تک پہنچایا ہے، جہاں دونوں ٹیموں کو سیریز جیتنے کے لیے کامیابی درکار ہے۔ مسلسل بارش کی صورت میں کھیل کا وقت کم ہو سکتا ہے اور گراؤنڈ اسٹاف کے لیے آؤٹ فیلڈ تیار رکھنا چیلنج ہوگا۔ شام کے وقت اوس بھی ٹیموں کی حکمت عملی، خاص طور پر ٹاس کے بعد پہلے بلے بازی یا گیند بازی کے فیصلے کو متاثر کر سکتی ہے۔

ہندوستانی دستے کے لیے 98.56 کروڑ روپے کی مدد فراہم کی

نئی دہلی، 16 اکتوبر (یو این آئی) ایشین پیرا گیمز 2026 میں حصہ لینے والے ہندوستان کے 168 رکنی دستے کی تیاریوں کے لیے حکومت نے تقریباً 100 کروڑ روپے کی مالی مدد فراہم کی ہے۔ یہ رقم تربیتی کیمپ، بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت، کھیلوں کے سامان اور بیرون ملک تربیت کے لیے فراہم کی گئی ہے۔ پیرا تیر اندازوں نے کھیلوں سے قبل جاپان میں تیاری کیمپ میں بھی حصہ لیا۔ ہندوستانی دستے میں 112 مرد اور 56 خواتین کھلاڑی شامل ہیں، جو 11 کھیلوں میں حصہ لیں گے۔ ان میں 47 ٹارگٹ اولمپک پوڈیم اسکیم (ٹاپس) اور 33 کھیلو انڈیا ایتھلیٹس شامل ہیں، جبکہ 61 کھلاڑی پہلی بار ایشین پیرا گیمز میں شرکت کر رہے ہیں۔ اس مہم کے لیے اینول کیلنڈر فار ٹریننگ اینڈ کمپٹیشن (اے سی ٹی سی) کے تحت 80.22 کروڑ اور ٹاپس کے تحت 18.34 کروڑ روپے خرچ کیے گئے ہیں۔ تیاریوں کے تحت ہندوستانی پیرا تیر اندازوں نے ستمبر اور اکتوبر کے درمیان جاپان کے گورو بے آرچری سینٹر میں بین الاقوامی تربیتی کیمپ میں حصہ لیا اور سونی پت میں اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (سائی) کے علاقائی مرکز میں بھی تربیت حاصل کی۔ مختلف کھیلوں کے لیے ملک بھر میں قومی کوچنگ کیمپ منعقد کیے گئے۔ پیرا تیراکوں اور پیرا پاور لفٹرز نے گاندھی نگر میں سائی کے علاقائی مرکز میں تربیت حاصل کی، جبکہ دیگر کھلاڑیوں نے نئی دہلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم، سونی پت کے سائی مرکز اور بنگلورو کے سائی علاقائی مرکز میں کیمپوں میں حصہ لیا۔ پیرا شوٹرز نے ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج، بلائنڈ فٹبال ٹیم نے کوچی، بلائنڈ جوڈو کھلاڑیوں نے لکھنؤ کی انڈین پیرا جوڈو اکیڈمی اور پیرا سائیکلسٹوں نے نئی دہلی کے اندرا گاندھی اسٹیڈیم کے سائیکلنگ ویلوڈروم میں تیاری کی۔

ٹی20 پریمیئر لیگ میں سوپور 11 سیمی فائنل میں پہنچ گئی

لولاب، ۱۶ اکتوبر، سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: نارتھ کشمیر ٹی ۲۰ پریمیئر لیگ کے چوتھے کوارٹر فائنل میں سوپور ۱۱ نے حمزہ گرین لار کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد ۳ رنز سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ آج یہاں کھیلے گئے اس مقابلے میں دونوں ٹیموں کے درمیان سخت اور دلچسپ مقابلہ دیکھنے کو ملا، جبکہ میچ کا نتیجہ آخری اوور تک غیر یقینی رہا۔ سوپور ۱۱ کے کھلاڑیوں نے فیصلہ کن لمحات میں تحمل اور حوصلے کا مظاہرہ کرتے ہوئے معمولی فرق سے کامیابی حاصل کی اور ٹورنامنٹ کے آخری چار مرحلے میں اپنی جگہ یقینی بنائی۔ اس سنسنی خیز کامیابی کے ساتھ ٹورنامنٹ میں دلچسپی مزید بڑھ گئی ہے۔ دونوں ٹیموں نے پورے میچ کے دوران مسابقتی جذبے، ٹیم ورک اور کھیل کے اعلیٰ اصولوں کا مظاہرہ کیا۔ ٹورنامنٹ اب فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، جہاں سیمی فائنل مقابلوں میں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلے کی توقع ہے۔ تمام ٹیمیں فائنل میں جگہ بنانے اور ٹائٹل اپنے نام کرنے کے لیے بھرپور کوشش کریں گی۔ نارتھ کشمیر ٹی ۲۰ پریمیئر لیگ خطے کے نوجوان کرکٹ کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ اس ٹورنامنٹ کے ذریعے کھیلوں کے جذبے، نوجوانوں کی شرکت اور شمالی کشمیر میں ایک متحرک کھیلوں کی ثقافت کو فروغ دینے کی کوششیں بھی جاری ہیں۔

بین الاضلاعی والی بال ٹورنامنٹ کا آغاز

ادھم پور، ۱۶ اکتوبر، سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: محکمہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس جموں و کشمیر کی جانب سے آج ادھم پور میں یونین ٹیریٹری سطح کے بین الاضلاعی انڈر ۱۹ لڑکیوں کے والی بال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔ یہ مقابلے ایس آئی کے ایس گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول بوائز، ادھم پور میں منعقد ہو رہے ہیں۔ ٹورنامنٹ کا انعقاد ڈائریکٹر جنرل یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس جموں و کشمیر انورادھا گپتا کی سرپرستی اور ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس آفیسر ترسیم سنگھ کلسی کی نگرانی میں کیا جا رہا ہے۔ اس کھیلوں کے مقابلے میں جموں و کشمیر کے مختلف اضلاع کی نمائندگی کرنے والی تقریباً ۱۷ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ادھم پور انشو دویدی نے تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور باضابطہ طور پر ٹورنامنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے مقابلوں کے آغاز کا اعلان کیا۔ چیف ایجوکیشن آفیسر سنیل کھجوریا اور میزبان اسکول کے پرنسپل منوج کمار چاد نے مہمانانِ اعزازی کی حیثیت سے تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر کھلاڑیوں اور شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے تمام شریک کھلاڑیوں کو مبارک باد دی اور مختلف ٹیموں کے کھلاڑیوں سے بات چیت کی۔ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کے جوش و جذبے، لگن اور کھیلوں کے تئیں عزم کو سراہا۔

سردار پٹیل کی 151 ویں یومِ پیدائش پر کیا کوئز مقابلے کا انعقاد

جموں، ۱۵ اکتوبر، سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: سردار ولبھ بھائی پٹیل کے ۱۵۱ ویں یوم پیدائش کے سلسلے میں ۱۵ ویں بٹالین آئی آر (IR) بٹالین کی جانب سے سوک ایکشن پروگرام (CAP) ۲۰۲۶-۲۷ کے تحت گلشن گراؤنڈ جموں میں کوئز اور مباحثے کے مقابلے کا انعقاد ہوا جس میں جموں ضلع کے سات مختلف اسکولوں کے طلبہ و طالبات نے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔ اس پروگرام کا مقصد ہندوستان کے مردِ آہن کے نام سے مشہور سردار ولبھ بھائی پٹیل کی زندگی، خدمات اور قومی یکجہتی کے لئے ان کی گراں قدر کوششوں سے طلبہ و طالبات کو روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل میں حب الوطنی، اتحاد اور قومی سالمیت کے جذبے کو فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر ۱۵ ویں جے کے اے پی آئی آر بٹالین کے ڈپٹی کمانڈنٹ ذوالفقار احمد (جے کے پی ایس) اور یونٹ کے دیگر گزیٹڈ افسران نے مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ، اساتذہ اور دیگر شرکاء کا خیر مقدم کیا۔ ڈپٹی کمانڈنٹ نے اپنے خطاب میں اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے سردار ولبھ بھائی پٹیل کی زندگی اور ملک کی یکجہتی و انضمام کے لئے ان کی بے مثال خدمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے طلبہ و طالبات کو قومی اتحاد اور سالمیت کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے ایسی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ترغیب دی جو نوجوانوں میں علمی صلاحیتوں، مثبت سوچ اور قومی شعور کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ پروگرام کے اختتام پر مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات سمیت دیگر شرکاء میں ان کی حوصلہ افزائی کے لئے میڈلز، ٹرافیاں اور اسناد تقسیم کی گئیں۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہونے والے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "**سرینگر ٹائمز**" کھیل کے شوقین حضرات کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک خصوصی کالم فراہم کر رہا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ادارے کی ای میل ایڈریس پر اپنی تحریری مواد معہ تصاویر ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر **سرینگر ٹائمز** بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں ہوگی اور وادی کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے۔

(۲) سپورٹس ماہرین کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی اور دلچسپ کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات اور وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ٹیم کے ساتھ شائع کرتا ہے اور ادارہ کسی قسم کی فیس کا مطالبہ نہیں کرتا۔ کھلاڑی اور ٹورنامنٹس میں حصہ لینے ... (ادارہ)

مکمل پتہ:
ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر-190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF,** On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR,** Executive Editor, **S.M. YOUSUF,** Editor: **SHADAB BASHIR,** Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR,** Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Jangiat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781